ABC CERTIFEID
وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول و کثیر الاشاعت قومی اخبار

Daily
SHEHAR NAMA
Islamabad

روزنامہ
شہرنامہ
اسلام آباد

ایڈیٹر
راجہ جاوید اختر

جوائنٹ ایڈیٹر
اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر 07 | پیر 26 اکتوبر 2026ء 15 جمادی الاول 1448ھ صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 51
فون: 0333-5196088 Email:sheharnama@gmail.com Web:www.sheharnama.com

لمحہ بہ لمحہ ہر خبر سے باخبر رہنے کیلئے
شہرنامہ کی ویب نیوز پر ابھی کلک کریں

قارئین اپنا پسندیدہ اخبار "شہرنامہ"
ای پیپر اب ویب سائیٹ اور فیس بک پر بھی ملاحظہ فرمائیں
Epaper
www.dailysheharnama.com

ڈیرہ اسماعیل خان فورسز کا آپریشن 6 دہشتگرد ہلاک 2 جوان شہید

ہلاک دہشت گرد بے گناہ شہریوں کے قتل کی وارداتوں میں ملوث تھے، زیر قبضہ اسلحہ اور بارود برآمد کرلیا گیا، علاقے میں کلیئرنس آپریشن جاری ہے، آئی ایس پی آر

وزیر اعظم شہباز شریف، وزیر داخلہ محسن نقوی کا سیکیورٹی فورسز کے جوانوں کی بے مثال قربانیوں کو خراج تحسین، شہدا کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، بیان

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) سیکیورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا کے ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں خوارج کی موجودگی سے متعلق خفیہ معلومات کی بنیاد پر کارروائی کی، جس میں 6 دہشت گرد ہلاک ہوگئے جبکہ فائرنگ کے تبادلے میں پاک فوج کے دو اہلکار شہید ہوئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) سے جاری بیان کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے 24 اکتوبر 2026 کو ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کے علاقے زرکانی میں بھارتی حمایت یافتہ فتنۃ الخوارج کی موجودگی کی خفیہ اطلاع کی بنیاد پر کارروائی کی۔ بیان میں کہا گیا کہ سیکیورٹی فورسز کی کارروائی کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

وزیر اعظم اور امیر جماعت اسلامی میں ملاقات دو روز میں متوقع

پٹرولیم لیوی کے خاتمے کا معاملہ زیر بحث آئے گا، نائب امیر لیاقت بلوچ

لاہور (بیورو رپورٹ) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ وزیر اعظم شہباز شریف اور امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن کے درمیان آئندہ دو روز میں ملاقات متوقع ہے، جس میں پٹرولیم لیوی کے خاتمے کا معاملہ زیر بحث آئے گا۔ لیاقت بلوچ کے مطابق وفاقی وزیر احسن اقبال اور وزیر اعظم کے معاون خصوصی رانا ثنا اللہ خاں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

شاداب خان کی سنچری پاکستان نے انگلینڈ کو ایک وکٹ سے ہرا دیا

آخری وکٹ کی 89 رنز کی شراکت نے پاکستان کو سہ ملکی سیریز کے فائنل میں پہنچا دیا

لاہور (پی پی اے) سہ ملکی ون ڈے سیریز کے چوتھے میچ میں پاکستان نے شاداب خان کی شاندار ناقابلِ شکست سنچری اور حارث رؤف کے ساتھ آخری وکٹ کی فیصلہ کن شراکت کی بدولت انگلینڈ کو ایک وکٹ سے شکست دے کر فائنل کے لیے کوالیفائی کر لیا قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلے گئے ڈے نائٹ میچ میں پاکستان نے 242 رنز کا ہدف 1.47 اوورز میں 9 وکٹوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

مری مظفرآباد ٹریفک حادثات میں 14 افراد جاں بحق 7 زخمی

شکرپڑیاں میں مسافر جیپ، رکھالہ روڈ پر کار کھائی میں جا گری، مرنے والوں میں، بچے اور خواتین اور ایک ہی خاندان کے افراد شامل

مری (بیورو رپورٹ) مری میں رکھالہ روڈ پر افسوسناک ٹریفک حادثہ پیش آیا جس میں ایک ہی خاندان کے 7 افراد جاں بحق ہوگئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق رکھالہ روڈ پر گاڑی کھائی میں گرنے سے آگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

مظفرآباد (بیورو رپورٹ) مظفرآباد میں مسافر جیپ گہری کھائی میں گرنے سے گاڑی میں سوار تمام 7 افراد جاں بحق ہوگئے۔ مظفرآباد کے نواحی علاقے شکر پڑیاں میں مسافر جیپ گہری کھائی میں جا گری، جس کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

مشترکہ ٹاسک فورس کا دوسرا اجلاس پاکستان اور قطر کا تجارت و سرمایہ کاری بڑھانے پر اتفاق

اجلاس میں پاکستان کا پاک خلیج تعاون کونسل آزاد تجارتی معاہدے پر جلد دستخط کرنے کی ضرورت پر زور

قطر کو انفارمیشن ٹیکنالوجی، ڈیجیٹل انفراسٹرکچر اور آئی ٹی خدمات کے شعبوں میں سرمایہ کاری کی دعوت دیدی

دوحہ (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اور قطر نے دوطرفہ تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ اس حوالے سے پاکستان قطر مشترکہ ٹاسک فورس کا دوسرا اجلاس دوحہ میں منعقد ہوا، جس کی مشترکہ صدارت وفاقی وزیر تجارت جام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف ہونہار طلبہ کو کروم بکس اور انٹرنیٹ کی فراہمی کے پروگرام کا افتتاح کر رہے ہیں

5 لاکھ کروم بکس کی تقسیم قوم کے نونہالوں کی خدمت کیلئے پرعزم ہیں وزیر اعظم

ذہانت اور قابلیت کو غربت یا امارت میں قید نہیں ہونا چاہیے، جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہو کر طلبہ پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے

قوم کے نوجوانوں کو با اختیار بنانے کیلئے جس قدر وسائل درکار ہوئے، وہ فراہم کرینگے، شہباز شریف کا طلبہ کو کروم بکس اور انٹرنیٹ کی فراہمی کے اجراء کی تقریب سے خطاب

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ذہانت اور قابلیت کو غربت یا امارت میں قید نہیں ہونا چاہیے، ہونہار طلبا کو با اختیار بنانے کے لیے عظیم سفر کا آغاز کر رہے ہیں، ماضی میں نواز شریف کی زیر قیادت 6 لاکھ طلبہ میں لیپ ٹاپس تقسیم کیے گئے۔ کنونشن سینٹر اسلام آباد میں ملک بھر کے سکولوں اور مدارس کے پانچ لاکھ ہونہار طلباء و طالبات کو کروم بکس اور انٹرنیٹ کی فراہمی کے اجراء کے موقع پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

اسلام آباد میں پاکستان کا پہلا تقسیم پارک بنانے کا منصوبہ

اسلام آباد میں سرمایہ کاری کے بہترین مواقع موجود ہیں، وزیر داخلہ محسن نقوی

اسلام آباد (سردار وقار احمد): وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں پاکستان کا اپنی نوعیت کا پہلا تقسیم پارک قائم کرنے کے منصوبے پر پیش رفت ہوئی ہے۔ اس سلسلے میں سعودی سرمایہ کاری کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کر دیے گئے ہیں۔ معاہدے پر دستخط کی تقریب میں وفاقی وزیر داخلہ وچیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ مفاہمتی یادداشت پر سعودی پاکستان بزنس کونسل کے چیئرمین شہزادہ منصور بن محمد السعود اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

وسط مدتی انتخابات، ٹرمپ نے قبل از وقت ووٹ کاسٹ کردیا

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے 3 نومبر کو ہونے والے وسط مدتی انتخابات کے لیے ریاست فلوریڈا میں قبل از وقت ووٹ ڈال دیا جہاں ان کی ریپبلکن پارٹی کو کانگریس میں اپنی اکثریت برقرار رکھنے کے لیے سخت مقابلے کا سامنا ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

حکومتی پالیسیوں کے ثمرات عوام تک پہنچنا شروع ہوگئے، رانا تنویر

حکومت نے دن رات محنت کر کے ملک کو ڈیفالٹ ہونے سے بچایا، وفاقی وزیر

شیخوپورہ (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ حکومتی پالیسیوں کے ثمرات عوام تک پہنچنا شروع ہوگئے، مشکل حالات کے بعد بہتری آئے گی۔ اپنے آبائی علاقے شیخوپورہ میں رانا تنویر حسین کا میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہنا تھا کہ شہباز شریف حکومت کی پالیسیوں اور حکومت نے دن رات محنت کر کے ملک کو ڈیفالٹ ہونے سے بچایا۔

حرمین شریفین کی حفاظت تمام اہل ایمان کا دینی فرض ہے ملی یکجہتی کونسل

سعودی عرب، پاکستان، ترکی مکہ دفاعی معاہدہ کا خیر مقدم، معاہدے میں وسعت دے کر ایران، مصر کو شامل کیا جائے

پاکستان، ترکی اور ایران، سعودی اور یمن کے درمیان سفارتی کوششوں سے حالات کو معمول پر لائیں، ابوالخیر زبیر، لیاقت بلوچ

حضرت شاہ محمد غوثؒ کے مزار کے تحفظ کے لیے قرارداد کی حمایت، ناروا اقدام کا سدباب کیا جائے، وزیر اعلیٰ پنجاب سے مطالبہ

لاہور، صدر ملی یکجہتی کونسل صاحبزادہ ابوالخیر مجلس عاملہ سے خطاب کر رہے لیاقت بلوچ، خرم نوز بھی موجود

لاہور (نمائندہ۔شہرنامہ) تحریک منہاج القرآن کی میزبانی میں ملی یکجہتی کونسل پاکستان کی مجلس عاملہ کا اجلاس صدر ڈاکٹر صاحبزادہ ابوالخیر محمد زبیر کی صدارت میں منعقد ہوا، اجلاس میں مرکزی عہدیداران اور ممبر جماعتوں کے قائدین نے شرکت کی۔ ملکی حالات، عالم اسلام کی صورت حال، خطہ کے حالات پر ایجنڈا کے مطابق تفصیل سے اظہار خیال کیا گیا۔ ملی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

این سی سی آئی اے کی بڑی کارروائی، بین الاقوامی نیٹ ورک بے نقاب

کراچی کی کمسن بچی کو ہراساں اور بلیک میل کرنے کے الزام میں مرکزی ملزم گرفتار

اپنے بچوں کی نازیبا ویڈیوز بنا کر فروخت کرنے والا باپ حراست میں لے لیا گیا

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) اسلام آباد سرکل نے دو اہم کیسز میں بڑی کارروائیوں کی تفصیلات جاری کرتے ہوئے بچوں کے جنسی استحصال پر مبنی مواد کی تیاری اور فروخت میں ملوث مبینہ بین الاقوامی نیٹ ورک کے انکشاف اور کراچی کی کمسن بچی کو ہراساں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

وفاق کے تعاون کے بغیر صوبہ نہیں چل سکتا دہشتگردی سے لڑنا ہوگا گورنر KPK

قانون کا اطلاق سب سے پہلے خود پر لاگو کروں گا، وفاق، صوبوں کیساتھ برادرانہ تعلقات کا فروغ ترجیحات میں شامل ہے

خوش قسمتی ہے کہ ہم وفاق کیساتھ ایک پیج پر آ گئے، درپیش مسائل کا حل وفاق کے ساتھ مل کر ہی ممکن ہے، فیصل کریم کنڈی

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ وفاق کے ساتھ ہم آہنگی خیبر پختونخوا کے لیے خوش آئند ہے اور صوبے کی خوش قسمتی ہے کہ ہم وفاق کے ساتھ ایک پیج پر آ گئے ہیں۔ وفاق کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

اکوڑہ خٹک گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کی مولانا سمیع الحق شہید رح کے بھائی پروفیسر محمود الحق حقانی کی وفات پر اظہار تعزیت کر رہے ہیں اس موقع پر جمعیت علماء اسلام (س) کے امیر مولانا عبدالحق ثانی نائب مہتمم مولانا راشد الحق و دیگر بھی موجود ہیں

مولانا کو شہداء کے خلاف بات نہیں کرنی چاہیے: رانا سکندر حیات

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمان کو اقتدار میں حصہ نہ ملنے پر شہداء کے خلاف بات نہیں کرنی چاہیے۔ صوبائی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

حوثیوں کی ریاض ایئرپورٹ کو پھر نشانہ بنانے کی دھمکی

سعودی قیادت میں اتحادی فورسز کی 2 بیلسٹک میزائل تباہ کرنے کی تصدیق

صنعاء (آئی این پی) یمن کے حوثی باغیوں اور سعودی عرب کی قیادت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

پولیس کی زیرِ حراست 2 ملزمان اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک

خاتون سے فون چھیننے اور زیادتی کی کوشش، زخمی کرنے کے مقدمے میں گرفتار تھے

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) تھانہ شہزاد ٹاؤن کے علاقے راول ٹاؤن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

پرائیویٹ سکولز نیٹ ورک کے زیر اہتمام مقابلوں میں طلبہ و طالبات کی بھرپور شرکت

اسلام آباد (خصوصی رپورٹ) پرائیویٹ سکولز نیٹ ورک کے زیر اہتمام اسلام آباد کے مختلف نجی تعلیمی اداروں کے طلبہ و طالبات کے مابین تقریری، حسنِ قرأت اور نعت خوانی کے مقابلوں کا انعقاد کیا گیا، جس میں طلبہ نے اپنی صلاحیتوں، علمی استعداد اور خوبصورت اندازِ بیان کا مظاہرہ کیا۔ مقابلوں میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے طلبہ و طالبات نے پہلی، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

اسلام آباد پرائیویٹ سکولز نیٹ ورک کے زیر اہتمام منعقدہ سالانہ مقابلوں میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبا و طالبات میں ایڈیٹر شہرنامہ میڈیا گروپ راجہ جاوید اختر انعامات تقسیم کر رہے ہیں

شرحِ خواندگی میں نجی تعلیمی اداروں کا کردار قابلِ تحسین ہے راجہ جاوید

پرائیویٹ سکولز نیٹ ورک کے زیر اہتمام طلبہ کے مابین تقریری، حسنِ قرأت اور نعت خوانی کے مقابلے بڑی تعداد میں طالبعلموں کی شرکت

نجی تعلیمی ادارے معیاری تعلیم اور نئی نسل کی کردار سازی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، حکومت انکی حوصلہ افزائی کرے ایڈیٹر شہرنامہ

تعلیم کے ساتھ تربیت اور کردار سازی پر خصوصی توجہ دیتے ہیں، مقبول ڈار صدر پرائیویٹ سکولز نیٹ ورک

تعلیمی معیار کی بہتری اور طلبہ کو علم و شعور سے آراستہ کرنے کے لیے کوششیں جاری رکھیں گے، قاری آصف الخیری

تقریری، حسنِ قرأت اور نعت خوانی کے مقابلے؛ طلبہ کی صلاحیتوں کا بھرپور اظہار کامیاب طلباء میں انعامات تقسیم کئے گئے

اسلام آباد (خصوصی رپورٹ) ایڈیٹر شہرنامہ راجہ جاوید اختر نے کہا ہے کہ نجی تعلیمی ادارے ملک میں شرحِ خواندگی بڑھانے، معیاری تعلیم کی فراہمی اور نئی نسل کی علمی و فکری تربیت میں نمایاں کردار ادا کر رہے ہیں ان خیالات کا اظہار ایڈیٹر شہرنامہ میڈیا گروپ راجہ جاوید اختر نے پرائیویٹ سکولز نیٹ ورک کے زیر اہتمام اسلام اباد کے مختلف سکولوں کے طلبا و طالبات کے مابین تقریر، حسن قرات، اور نعت خوانی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

نے پرائیویٹ سکولز نیٹ ورک کے زیر اہتمام تقریب سے ایڈیٹر راجہ جاوید اختر و دیگر مقررین خطاب کر رہے ہیں

فرانس، مہنگائی کے خلاف مظاہرے پھر پھوٹ پڑے

پیرس (صباح نیوز) فرانس میں مہنگائی اور اسکولوں کے خراب اور نامناسب حالات کے خلاف لاکھوں افراد کے احتجاج (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

نائیجیریا میں مسلح افراد کا گاؤں پر حملہ، 40 افراد ہلاک

ابوجا (آئی این پی) نائیجیریا کی شمال مشرقی ریاست ترابا کے گاؤں بناری میں مسلح افراد کے حملے میں کم از کم 40 افراد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

ٹرمپ کی نئی جنگی تیاری، ایران پر قیامت خیز حملوں کا خدشہ

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اسرائیل اور امریکا میں انتخابات مکمل ہونے کے بعد ایران کے خلاف بڑے پیمانے پر فوجی کارروائی کا حکم دے سکتے ہیں، امریکی جریدے بلومبرگ نے اپنی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

مغربی کنارے میں فلسطینی گھر فوجی چوکیوں میں تبدیل

مغربی کنارہ (آئی این پی) اسرائیلی فوج نے مغربی کنارے کے علاقے الخلیل میں فلسطینی گھروں پر قبضہ کر کے انہیں فوجی چوکیوں میں تبدیل کر دیا۔ مقبوضہ مغربی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

طالبان کی پابندیاں افغان عوام کیلئے سنگین خطرہ

نیویارک (آئی این پی) اقوام متحدہ میں افغان نمائندہ نصیر احمد فائق نے طالبان رجیم کی ثقافتی پابندیوں اور امتیازی پالیسیوں کو آشکار کر دیا۔ اقوام متحدہ میں افغان نمائندہ نصیر احمد فائق نے اقوام متحدہ کے اجلاس میں کہا کہ طالبان کی ثقافت، زبان اور تعلیم پر پابندیاں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

LAUNCH OF
Prime Minister's youth
Chromebook Scheme
Prime Minister's Youth Programme

500000
ریفربشڈ کروم بُکس
بیگ اور مائی فائی ڈیوائسز
بمع ایک سال کیلئے فری انٹرنیٹ

آزاد جموں و کشمیر اور گلگت بلتستان سمیت
چاروں صوبوں کے سرکاری سکولوں اور مدارس میں زیرِتعلیم
اعلیٰ کارکردگی کے ساتھ نویں جماعت پاس کرنیوالے طلباء و طالبات کیلئے

وزیراعظم کے ڈیجیٹل پاکستان وژن
کی تکمیل کی جانب عملی اقدام
سٹوڈنٹس کیلئے 5 لاکھ مائی فائی ڈیوائسز
25 لاکھ پاکستانیوں کی انٹرنیٹ تک رسائی

pmyp.gov.pk
PID No. (I) 3794-D/26

وزارت اطلاعات و نشریات حکومت پاکستان
وزارت وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت حکومت پاکستان
Prime Minister's Youth Programme
Sponsored by: TT CARE FOUNDATION

قائداعظم کا کردار اور عزم ہی تحریک پاکستان کی اصل طاقت تھی، شہباز حسین

جدہ میں قائداعظم لیکچر سیریز، نئی نسل کو پاکستان کی تاریخ اور افکار سے روشناس کرانے پر زور

جدہ (پ ر) سابق وفاقی وزیر و سماجی رہنما چوہدری شہباز حسین نے کہا ہے کہ اگر قائداعظم محمد علی جناح محدود وسائل اور کمزور صحت کے باوجود عوامی طاقت جس میں طالبعلم انکا ہراول دستہ تھے کے ساتھ دنیا کا نقشہ بدل سکتے ہیں تو ہم جدید سہولتوں کے ساتھ اپنے پاکستان کو عظیم کیوں نہیں بنا سکتے وہ پاکستان قونصلیٹ جنرل جدہ میں بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

کہوٹہ میں ایل پی جی کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ

سرکاری نرخ ہوا میں اڑا دیئے گئے، گھریلو سلنڈر 7 ہزار روپے تک جا پہنچا

پرائس کنٹرول اداروں کی کارروائیاں محض فوٹو سیشن تک محدود ہونے پر عوامی تشویش

کہوٹہ (نمائندہ شہرنامہ) تحصیل کہوٹہ اور گردونواح میں ایل پی جی کی قیمتوں میں من مانے اضافے نے شہریوں کا جینا دوبھر کر دیا ہے، جہاں گھریلو ایل پی جی سلنڈر 6 ہزار 500 سے لے کر 7 ہزار روپے تک فروخت ہونے کی شکایات عام ہو چکی ہیں۔ سرکاری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Daily SHEHAR NAMA Islamabad

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088
0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com

پبلشر عائشہ تنویر نے روہانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد
آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

خیبر پختونخوا کیلئے پیکیج کا اعلان!

وزیراعظم شہباز شریف نے خیبر پختونخوا (کے پی) میں ترقیاتی منصوبوں کیلئے 160 ارب روپے فراہم کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام کے وسائل کا ایک ایک پیسہ اُن کی ترقی اور خوشحالی ہی پر خرچ کیا جائے گا۔ گورنر ہاؤس پشاور میں ایپکس کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اُنہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت اور عسکری قیادت مل کر مسائل حل کرے گی، اَمن اور ترقی کا دور واپس لا کر صوبے کے عوام کی خوشحالی کے خوابوں کو عملی جامہ پہنائیں گے۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ کے پی کو جلتا چھوڑ کر خاموش تماشائی نہیں بن سکتے، مجبوری میں ایمرجنسی اور گورنر راج نافذ کرنا پڑا، اب وقت آ گیا ہے کہ دہشت گردی کے ناسور کو ہمیشہ کے لئے ختم کرنے کے لئے آخری اور فیصلہ کُن کوشش کی جائے ناکامی کا کوئی آپشن نہیں ہے۔ وزیراعظم نے قبائلی اضلاع کے نمائندوں پر مشتمل ترقیاتی کونسل کے ارکان سے بھی ملاقات کی۔ دونوں اجلاسوں میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، چیف آف آرمی سٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، گورنر کے پی فیصل کریم کنڈی اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کے علاوہ وفاقی وزراء، کور کمانڈر پشاور اور دیگر اعلیٰ سول و عسکری حکام نے شرکت کی۔

پاکستان میں اندرونی و بیرونی سلامتی کے چیلنج سنگین شکل اختیار کر چکے ہیں اور ساتھ ہی ساتھ سیاسی عدم استحکام اور کمزور معاشی حالات نے ملکی ترقی کی رفتار کو سُست کر رکھا ہے۔ اِن حالات میں وزیراعظم کے زیرِ صدارت پشاور کے گورنر ہاؤس میں منعقد ہونے والا ایپکس کمیٹی کا اجلاس اور اِس میں کیے گئے اہم فیصلوں کے ملک پر گہرے اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ خیبر پختونخوا میں بدامنی، آئینی اور انتظامی بحران کی شدت کے مدِنظر حالات کو معمول پر لانے، سیاسی کشیدگی کو کم کرنے اور ترقیاتی عمل کے دوبارہ آغاز کی کوشش کا کامیاب ہونا انتہائی ضروری ہے۔ تقریباً ایک سال سے وفاق اور خیبر پختونخوا کی صوبائی حکومت کے درمیان رابطوں کی شدید کمی محسوس کی جا رہی تھی، اِس نے نہ صرف صوبے کے انتظامی ڈھانچے کو مفلوج کر دیا تھا بلکہ اس کا براہِ راست اثر اَمن وامان کی مجموعی صورتحال اور ترقیاتی کاموں پر بھی پڑ رہا تھا۔ کم وبیش دو ہفتے قبل وزیراعظم کو خیبر پختونخوا پولیس اور حساس اداروں کی دو خصوصی سکیورٹی رپورٹس پیش کی گئیں جن میں انکشاف کیا گیا تھا کہ کے پی میں حالیہ دو برس کے دوران دہشت گردی کے واقعات میں 195 فیصد اضافہ ہوا۔ رپورٹ میں دی گئی تفصیلات کے مطابق 2026ء میں ہونے والے دہشت گرد حملوں میں 73 فیصد کا نشانہ پولیس اور سکیورٹی ادارے بنے۔ خیبر پختونخوا میں دہشت گردوں کی طرف سے ڈرون کے استعمال میں تشویشناک اضافہ ہوا، 2024ء میں پولیس اور سکیورٹی اداروں پر کوئی ڈرون حملہ رپورٹ نہیں ہوا تھا جبکہ 2026ء میں اِن حملوں کی تعداد 170 تک پہنچ گئی یوں ایک سال میں ڈرون حملوں میں تقریباً 107 فیصد اضافہ ہوا۔ صوبے میں دہشت گردی کے واقعات میں اضافے کی وجوہات میں دہشت گرد نیٹ ورکس، سہولت کاری اور غیر قانونی سرگرمیاں قرار دی گئی تھیں۔ رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا تھا کہ افغانستان میں موجود دہشت گرد عناصر اور مقامی سہولت کاروں کے ساتھ ساتھ صوبائی حکومت کی دہشت گردوں کے لئے نرم گوشے کی ناقص پالیسی اور موثر انسدادِ دہشت گردی اقدامات میں کمی کے باعث دہشت گرد عناصر کو جگہ بنانے کا موقع ملا۔ اِنہی بنیادوں پر صوبائی اور وفاقی حکومت کے درمیان اختلافات بڑھتے چلے گئے، صوبائی حکومت وفاق کی دہشت گردی کے خلاف زیرو ٹالرینس پالیسی سے اختلاف رکھتی تھی اور اِس کی بات ماننے کو تیار نہیں تھی۔

وفاق اور صوبوں کے درمیان تعطل اور کھٹ پٹ سے نظام کو شدید نقصان پہنچتا ہے کیونکہ ریاستی مشینری جمود کا شکار ہو کر رہ جاتی ہے۔ جمہوریت میں آئینی اداروں اور حکومتی سطحوں کے درمیان ہم آہنگی کے بغیر قانون کی بالادستی قائم کی جا سکتی ہے اور نہ ہی عوامی فلاح کے مقاصد حاصل کیے جا سکتے ہیں، وسائل ہوں تو بھی خاطر خواہ نتائج حاصل نہیں کیے جا سکتے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے چند روز قبل بھی یہی بات کی تھی کہ 2010ء کے قومی مالیاتی ایوارڈ (این ایف سی) کے بعد سے کے پی کو انسدادِ دہشت گردی کے لئے 800 ارب روپے کے بھاری فنڈز فراہم کیے گئے لیکن اِس کے باوجود انسدادِ دہشت گردی کے لئے مطلوبہ ضروریات کو عملی جامہ نہیں پہنچایا جا سکا تاہم اب جبکہ وفاقی حکومت اور عسکری قیادت نے خیبر پختونخوا کی باگ ڈور اپنے ہاتھوں میں لے لی ہے تو اُس پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ اپنے دعوؤں اور وعدوں کو محض لفظی بیانات تک محدود نہ رکھے بلکہ اِن پر عملدرآمد بھی یقینی بنائے، اب مزید کسی غلطی کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ کچھ عرصہ قبل تک وفاقی حکام کے لئے کے پی ایک طرح کا نوگو ایریا بنا ہوا تھا تاہم اب وزیراعظم نے اپنی کابینہ کے اہم وزراء اور عسکری قیادت کے ہمراہ پشاور میں نہ صرف ایپکس کمیٹی کی صدارت کی بلکہ قبائلی اضلاع کے نمائندوں پر مشتمل ترقیاتی کونسل کے اراکین سے بھی ملاقات کی۔ وفاق نے کے پی کی ترقی سے متعلق نائب وزیراعظم کی سربراہی میں ایک مانیٹرنگ کمیٹی بھی بنا دی۔ اُمید کی جانی چاہئے کہ اہلِ سیاست ایک دوسرے کی بات سنیں اور سمجھیں گے، مل جل کر کام کریں گے اور صوبے کے مسائل حل کرنے میں موثر کردار ادا کریں گے۔ بات چیت کا راستہ کسی صورت بند نہیں ہونا چاہئے۔ اختلافِ رائے اپنی جگہ لیکن اِس کا مطلب ہرگز یہ نہیں ہے کہ عوام کی فلاح و بہبود کو نظر انداز کر دیا جائے۔

مسلم دنیا اور عالمی اداروں کا کردار فیصلہ کن!

ملکہ کوہسار
امتیاز احمد عباسی
Sheharnama@gmail.com

امریکی اخبار 'دی نیو یارک ٹائمز' اور دیگر عالمی ذرائع ابلاغ کی رپورٹوں کے مطابق امریکا اور ناجائز صہیونی ریاست کی افواج ایران کے خلاف نئی کارروائی کے منصوبے تیار کیے بیٹھی ہیں۔ بتایا جا رہا ہے کہ ممکنہ اہداف میں توانائی کا ڈھانچا، جوہری تنصیبات اور میزائل و ڈرون کے ذخائر شامل ہو سکتے ہیں اور یہ کہ کارروائی مختصر مگر شدید ہوگی۔ یہ خبریں ایسے وقت آ رہی ہیں جب خطہ پہلے ہی رواں برس فروری کے آخر میں امریکا اور ناجائز صہیونی ریاست کی طرف سے ایران پر مسلط کی جانے والی جنگ کے زخم چاٹ رہا ہے۔ سوال یہ نہیں کہ طاقت کے کھلاڑیوں کے پاس کتنے منصوبے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ ان منصوبوں کی قیمت کون ادا کرے گا اور کیا اس قیمت کے بدلے کچھ ایسا بھی حاصل ہوگا جو مذاکرات کی میز پر نہیں مل سکتا؟ رپورٹوں کے مطابق، یہ تیاریاں محض کاغذی نہیں ہیں بلکہ دونوں ممالک کی افواج نے مشقیں بڑھا دی ہیں جن میں عراق کی فضائی حدود میں پروازیں بھی شامل ہیں تاکہ حملوں کے طریقۂ کار کی مشق کی جا سکے۔ امریکی وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ کی اسرائیلی وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو سے ملاقات کو بھی اسی تناظر میں دیکھا جا رہا ہے۔ اطلاعات یہ بھی ہیں کہ اکتوبر کے وسط میں ناجائز صہیونی ریاست کا ایران پر کئی روزہ بمباری کا منصوبہ تھا مگر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے وسط مدتی انتخابات سے پہلے نیا محاذ کھولنے سے گریز کیا۔ یہ بات بہت زیادہ تشویش کا باعث اس لیے ہونی چاہیے کیونکہ اس کی وجہ سے کروڑوں انسانوں کی زندگیاں داؤ پر لگی ہوئی ہیں۔ خلیج کے ممالک اس صورتحال میں سب سے زیادہ متاثر ہو رہے ہیں۔ ایرانی پاسدارانِ انقلاب کے ترجمان کا یہ کہنا کہ اشتعال انگیزی جاری رہی تو امریکا کے علاقائی اڈوں کو نشانہ بنایا جائے گا، دراصل ان تمام میزبان ملکوں کے لیے خطرے کی گھنٹی ہے جہاں یہ اڈے موجود ہیں۔ ادھر، کویت کے بین الاقوامی ہوائی اڈے پر ڈرون اور میزائل حملوں کے بعد امریکی سفارتخانے کو تمام قونصلر خدمات معطل اور شہریوں کو چوکس رہنے کی ہدایت کرنا پڑی۔ یہ معمولی انتظامی خبر نہیں۔ جب ایک ہوائی اڈا، جو عام مسافروں، تاجروں اور مزدوروں کی گزرگاہ ہے، حملے کی زد میں آ جائے اور سفارتخانے دروازے بند کرنے لگیں تو سمجھ لینا چاہیے کہ جنگ کی آنچ عام شہری کی دہلیز تک پہنچ چکی ہے۔ اسی دوران امریکی سفیر اور شام و عراق کے لیے صدارتی ایلچی ٹام بیرک کا بیان خطے کے لیے ایک اہم اشارہ ہے۔ دوحہ میں گلوبل سکیورٹی فورم سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ امریکا اب تیل کے بدلے خطے کو تحفظ دینے کا کردار مزید ادا نہیں کر سکتا اور خطے کے ممالک کو اپنی سلامتی کی ذمہ داری خود سنبھالنی چاہیے۔ ان کے بقول، یہ اقدام خطے کو چھوڑ دینا نہیں بلکہ حکمتِ عملی کی ازسرِنو ترتیب ہے۔ کوئی اس بیان سے اتفاق کرے یا اختلاف مگر یہ واضح طور پر دکھائی دے رہا ہے کہ خطے کے ملکوں کے پاس اپنے مسائل بات چیت سے حل کرنے کے سوا اب کوئی پائیدار راستہ نہیں بچا۔ اس سے یہ بھی پتا چلتا ہے کہ دوسروں کی ضمانت پر قائم امن ہمیشہ ناپائیدار ہوتا ہے۔ دوسری طرف، اس حوالے سے ایران کا موقف بھی سامنے ہے۔ وزیر خارجہ عباس عراقچی کے مطابق، امریکا کو آبنائے ہرمز کھولنے اور مذاکرات کے لیے ایران کی شرائط پوری کرنا ہوں گی۔ ساتھ ہی انھوں نے یہ بھی کہا ہے کہ انھیں امریکا سے بات چیت میں پیش رفت کی زیادہ امید نہیں۔ یہ بیان ایران کے امریکا کے رویے سے بیزاری کا اظہار تو ہے لیکن ایسا لگتا ہے کہ دروازہ ابھی مکمل بند نہیں ہوا۔ شرائط کا ذکر ہی اس بات کا اعتراف ہے کہ مذاکرات کی امید زندہ ہے۔ سفارت کاری کا فن یہی ہے کہ سخت بیانات کے پیچھے چھپے ہوئے مشترکہ مفادات تلاش کیے جائیں۔ ہر فریق عوامی سطح پر سخت زبان بولتا ہے لیکن خاموش رابطے وہاں بھی راستہ نکال لیتے ہیں جہاں اعلانات سب راہیں مسدود کر چکے ہوں۔ یاد رکھنے کی بات یہ ہے کہ فوجی طاقت سے مسائل 'ختم' کر دینے کے دعوے اکثر کھوکھلے ثابت ہوتے ہیں۔ جنگ کی بحث میں ایک اور چیز اکثر نظرانداز ہو جاتی ہے اور وہ ہے اعداد و شمار کے پیچھے چھپا ہوا انسان۔ توانائی کے بنیادی ڈھانچے پر حملے کا مطلب صرف تنصیبات کی تباہی نہیں۔ اس کا مطلب اسپتالوں میں بجلی کا بند ہونا ہے، پانی صاف کرنے والے نظام کا رک جانا ہے، کارخانوں کا بند ہو جانا ہے اور ان لاکھوں خاندانوں کا بے سہارا ہو جانا ہے۔ بین الاقوامی قانون شہری بنیادی ڈھانچے کے تحفظ کا تقاضا کرتا ہے اور یہ تقاضا محض قانونی نہیں بلکہ اخلاقی بھی ہے۔ کوئی بھی سیاسی ہدف لاکھوں معصوم جانوں کے ضیاع کا جواز نہیں بن سکتا۔

اس صورتحال میں پاکستان کا کردار بھی بہت اہمیت کا حامل ہے اور وہ سب سے زیادہ متاثرہ ممالک میں بھی شامل ہے۔ ہم ایران کے ہمسایے ہیں، ہمارے اس سے کئی طرح کے تعلقات ہیں اور ہماری معیشت، تجارت اور داخلی استحکام خطے کی صورتحال سے براہِ راست متاثر ہوتے ہیں۔ پناہ گزینوں کی ممکنہ آمد، سرحدی سلامتی، توانائی کی ترسیل اور بیرونِ ملک مقیم لاکھوں پاکستانی محنت کشوں کا روزگار، سب اس بحران سے جڑے ہیں۔ خلیجی ممالک سے آنے والی ترسیلاتِ زر ہماری معیشت کا اہم ستون ہیں۔ اگر وہاں جنگ پھیلتی ہے تو اس کا اثر محض سفارتی نہیں رہے گا بلکہ گھر گھر پہنچے گا۔ اس لیے ہماری ریاست اور سول سوسائٹی دونوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ ہر دستیاب پلیٹ فارم پر مذاکرات کی بات کریں۔

اس موقع پر مسلم دنیا اور عالمی اداروں کا کردار فیصلہ کن ہو سکتا ہے۔ اقوام متحدہ، اسلامی تعاون تنظیم اور خلیجی تعاون کونسل جیسے ادارے اگر محض بیانات پر اکتفا کرنے کی بجائے عملی ثالثی کی کوشش کریں تو بہت کچھ بدل سکتا ہے۔ قطر اور عمان جیسے ممالک ماضی میں پس پردہ رابطوں کے ذریعے کشیدگی کم کرنے میں کردار ادا کر چکے ہیں۔ چین، روس، یورپ اور دیگر طاقتیں جن کے مفادات استحکام سے وابستہ ہیں، اس سلسلے میں اپنا اثر و رسوخ استعمال کر سکتی ہیں۔

سڑکوں کا جنگل!

ان کہی
نسیم شاہد
nasimshahid7@hotmail.com

اب یہ بھی کوئی بات ہے کہ لاہور میں ایک سکوٹی پر جاتی لڑکی کو پیچھے سے آنے والے مرد موٹر سائیکل سوار نے اسے روک کر تشدد کا نشانہ بناتے ہوئے پہلے نیچے دھکا دیا اور پھر تھپڑوں کی بارش کر دی۔ بعدازاں پکڑے جانے پر موقف یہ اختیار کیا کہ وہ اسے لڑکا سمجھا تھا۔ گویا لڑکے کو دھکا دے کر گرانے اور مارنے کی قانون اجازت دیتا ہے۔ پنجاب حکومت نے اگر لڑکیوں اور خواتین کو سکوٹی کی سہولت دی ہے تو معاشرے کو بھی چاہیے اس تبدیلی کو قبول کرے۔ انہیں سڑکوں پر راستہ دے اور ان میں اعتماد پیدا ہونے دے۔ اب اس بندے کی ذہنیت اور ٹریفک کی تربیت ملاحظہ کیجئے، اتنے رش میں وہ اوورٹیک کرنا چاہتا ہے جبکہ آگے جانے والے کے پاس اتنا مارجن ہی نہیں کہ وہ راستہ دے سکے۔ پھر عین سڑک کے درمیان اسے زبردستی روک کر ایک گھناؤنا عمل کرتا ہے۔ اب ایسے واقعات کو دیکھ کر تو لگتا ہے ہم معاشرے کو پاگل خانہ بناتے جا رہے ہیں جہاں ہر پاگل اپنی چودھراہٹ چاہتا ہے۔ حد تو یہ ہے کہ لاہور جیسے شہر میں جہاں سی سی ٹی وی کیمروں کا جال بچھا ہوا ہے اور سیف سٹی نے کونے کونے کو اپنی لپیٹ میں لے رکھا ہے۔ پھر بھی لوگوں میں کوئی خوف نہیں، پکڑے جانے کا ڈر تو خیر دور کی بات ہے اس بات کا بھی ڈر نہیں کہ ٹکٹ کے ذریعے جرمانے کا چالان بھی موصول ہو سکتا ہے۔ یہ دیدہ دلیری کیسے پیدا ہوگئی حالانکہ 2 ہزار کا چالان بھی ہو جائے تو عام آدمی ہلکان ہو جاتا ہے۔ یہ سیدھی سادی بگاڑ کی ایک ذہنیت ہے جو عام آدمی کو مولا جٹ بننے پر اکساتی ہے۔ آپ یہ سن کر حیران ہوں گے کہ پچھلے صرف دو ماہ کے عرصے میں ہمارے پنجاب میں 45 ہزار افراد زخمی ہو کر بستر سے جا لگے ہیں جبکہ 670 افراد جان کی بازی ہار گئے ہیں۔ یہ اتنی بڑی تعداد ہے کہ ہر طرف خطرے کی گھنٹیاں بج جانا چاہئیں تھیں، مگر نہیں صاحب یہاں تو کسی کے کان پر جوں تک نہیں رینگتی۔ یہ اکھڑ مزاج والے سڑکوں پر دندناتے ڈرائیورز کسی کی نہیں سنتے، جب ان پر آفت ٹوٹتی ہے تو دہائیاں دیتے ہیں کہیں سے علاج ہی کرا دو۔ یہ جس بندے نے لاہور میں ایک لڑکی کو وحشیانہ طریقے سے مارا ہے، کیا اس سے آپ توقع کر سکتے ہیں کہ یہ سڑک پر بندے کی طرح چلتا ہوگا جو اوورٹیک کرنے کی جگہ نہ ہونے کے باوجود اوورٹیک کرنا چاہتا ہو اور راستہ نہ ملنے پر وحشی بن جائے اسے آپ کیا کہیں گے، یہ کوئی ایک مثال تو ہے نہیں روزانہ ایسے لوگ سڑکوں پر آتے ہیں، اپنی یا دوسرے کی زندگی خطرے میں ڈال دیتے ہیں۔ پنجاب حکومت نے بھاری جرمانے بھی کر کے دیکھ لئے، جرمانوں کی شرح بھی بڑھا دی مگر قانون کا نفاذ نہیں ہو سکا۔ رہی سہی کسر وارڈنز کی ترجیحات میں چالان کو مقدم قرار دے کر پوری کر دی گئی جو سارا دن جرمانے کرنے کی مشین بنے ہوئے، ٹریفک چل رہی ہے یا نہیں چل رہی، انہیں اس کی کوئی پرواہ نہیں۔ یہ سوال بھی جواب طلب ہے کہ جب سیف سٹیز کے کیمرے ٹریفک وائلیشن کو نوٹ کر رہے ہیں۔ ای چالان بھی ہو رہے ہیں تو سڑکوں، چوراہوں پر کھڑے ہو کر چالان کیوں کئے جاتے ہیں ساری توجہ ٹریفک کی روانی پر کیوں نہیں دی جاتی۔

ہمارے معاشرے میں ایک بڑا مسئلہ طبقاتی تقسیم کا بھی ہے۔ طبقاتی تقسیم ہر معاشرے میں ہوتی ہے لیکن اس تقسیم کی وجہ سے ملک کا قانون بھی دو حصوں میں بٹ جائے ایسا نہیں ہوتا۔ جس ٹریفک پولیس کا سارا دارومدار ہی موٹر سائیکل والوں کے چالان پر ہو اور بڑی گاڑیاں، کالے شیشے ڈالے، پجارو، لینڈ کروزر کی طرف وہ آنکھ اٹھا کر بھی نہ دیکھتے ہوں وہاں ٹریفک قوانین دولے شاہ کے چوہے بن جاتے ہیں حادثات انہی بڑی گاڑیوں کی وجہ سے ہوتے ہیں اور ان کے حادثے ایک نہیں بیک وقت کئی جانیں لے جاتے ہیں لیکن وارڈنز کا ٹارگٹ موٹر سائیکل، چنگ چی رکشہ اور موٹر رکشہ ہوتے ہیں۔ وارڈنز موٹر سائیکل سواروں کو آگے آ کر خطرناک طریقے سے روکتے ہیں اور اس کی وجہ سے کئی خطرناک حادثات بھی ہو چکے ہیں اگر کوئی موٹر سائیکل سوار ہیلمٹ کے بغیر آ رہا ہے تو اسے اچانک ٹریفک کے درمیان آ کر روکنے کی کیا ضرورت ہے، وہ سیف سٹی کے کیمرے کی زد میں آ جائے گا اور چالان کرا بیٹھے گا لیکن نہیں صاحب مینوئل چالان کرنے میں کئی ترغیبات، کئی ٹارگٹس اور کرپشن کے کئی مواقع موجود ہیں، اس لئے اس پر زیادہ توجہ دی جاتی ہے، چاہے ٹریفک پھنسی پڑی ہو اور لوگ دہائی دے رہے ہوں خدایا کوئی وارڈن بھیجے تاکہ ہم اپنے گھروں کو جا سکیں۔ ٹریفک کو ایڈونچر سمجھنے والے اپنی جان بھی خطرے میں ڈالتے ہیں اور دوسروں کے لئے بھی خطرے کا باعث بن جاتے ہیں۔ خاص طور پر یہ ایڈونچرازم نوجوانوں میں زیادہ آ گیا ہے۔ کچھ پیسہ آنے کی وجہ سے ماں باپ نے چھوٹی عمر میں گاڑیاں لے دی ہیں اور کچھ لاڈ پیار میں اپنے چچا یا مامے کی کار لے کر سڑک پر نکل آتے ہیں۔ پھر وہ اکیلے نہیں ہوتے، ساتھ نوجوان دوستوں کا جتھہ ہوتا ہے جو کار میں خطرناک مذاق کر رہے ہوتے ہیں اور ڈرائیونگ کرنے والا بھی ان کے ساتھ شامل ہو جاتا ہے۔ ملتان میں چند روز پہلے جو حادثہ پیش آیا، جس میں پانچ نوجوان جاں بحق ہوئے اس کی تفصیلات کے مطابق بھی کار کے اندر چھیڑ چھاڑ کا ماحول تھا، جس کی وجہ سے نوجوان ڈرائیور قابو نہ رکھ سکا اور کار ڈیوائیڈر سے ٹکرا کر ایک دیوار میں جا لگی۔

یہ ون ویلنگ کرنے والے نوجوانوں نے کتنے والدین کو عمر بھر کا روگ دیا ہے۔ گننے لگیں تو گنتی ختم ہو جائے۔ میں ایک ایسے گھرانے کو جانتا ہوں جس کے دو جوان سال بیٹے اس ون ویلنگ کی بھینٹ چڑھ گئے۔ ان سے ملو تو ان کا پچھتاوا یہی ہوتا ہے کہ کاش وہ اپنے بچوں پر نظر رکھتے۔ انہیں موٹر سائیکل نہ لے دیتے، اگر والدین اس بات کو ہی نوٹ کرنا شروع کر دیں کہ ان کا بیٹا بلا مقصد موٹر سائیکل لے کر کیوں جاتا ہے تو انہیں اندازہ ہو جائے کوئی نہ کوئی گڑبڑ ہے جو والدین اپنے بچوں کی سرگرمیوں اور مصروفیات سے بے نیاز ہو جاتے ہیں وہ درحقیقت انہیں آوارگی اور گمراہی کی راہ دکھا رہے ہوتے ہیں میں اکثر سوچتا ہوں کہ ہم نے جنگل جیسی ٹریفک میں اپنی بیٹیوں کو سکوٹیز اور موٹر سائیکلیں دے کر اتار تو دیا ہے۔ کیا یہ اس طوفان کا مقابلہ کر سکیں گے؟ جہاں جہالت اور وحشیانہ طرزِ عمل کا یہ عالم ہے کہ صرف دو چار سیکنڈ تک راستہ نہ دینے پر مرد ڈرائیور وحشیانہ سلوک کرتے ہیں وہاں یہ معصوم سیدھی سادی لڑکیاں کیسے موٹر سائیکل اور سکوٹی چلائیں گی۔ یہ سوال درحقیقت ہر اُس گھرانے کا ہے جس نے مجبوری میں بیٹیوں کو اپنی سواری لے دی ہے۔

ایک اور "معاہدہ بدر"!

پاکستانی، سعودی عرب اور ترکیہ کے مکہ معاہدہ میں بندھنے کے بعد پاکستان، ترکیہ، قطر اور انڈونیشیا بھی ایک دفاعی معاہدہ بدر میں جڑ گئے ہیں۔ انڈونیشیا 29 کروڑ آبادی کے ساتھ دنیا کا چوتھا بڑا آبادی والا ملک ہے جبکہ عالم اسلام کا سب سے بڑا ملک ہے۔ پاکستان 26 کروڑ آبادی کے ساتھ دنیا کا پانچواں بڑا ملک ہے جبکہ عالم اسلام کا آبادی کے لحاظ سے دوسرا بڑا ملک ہے۔ پاکستان عالم اسلام کی واحد ایٹمی قوت ہے ترکیہ عالم اسلام کی جدید ترین فوجی قوت ہے، ناٹو کی واحد مسلم ریاست ہے۔ سعودی عرب اسلام آباد کا روحانی مرکز اور امیر ترین مسلم ریاست ہے اس کی آبادی 37 ملین نفوس پر مشتمل ہے، لیکن عالم اسلام میں اپنی وقعت اور احترام کے اعتبار سے اہم ترین مملکت ہے۔ قطر کی آبادی 32 ملین ہے لیکن گیس و تیل کی بے پناہ دولت کے لحاظ سے انتہائی اہم ریاست ہے۔ ترکیہ کی 88 ملین آبادی کو شامل کیا جائے تو ان پانچ ممالک کی مجموعی آبادی 71 کروڑ بنتی ہے اتنی بڑی آبادی پر مشتمل پانچ ممالک کا مکہ ڈیکلریشن اور معاہدہ بدر میں جڑ جانا کوئی معمولی بات نہیں ہے۔ دورِ حاضر کا اہم واقع بلکہ دورِ حاضر کے اہم واقعات میں سے ہے۔ مکہ ڈیکلریشن کے بارے میں بہت کچھ کہا گیا اور سنا جا چکا ہے ہمیں اس کی تفصیلات تو نہیں بتائی گئیں، مگر بشکریہ ترکیہ جس کی پارلیمان میں اسے منظوری کیلئے پیش کئے جانے کے لئے جب نشر کیا گیا تو ہمیں اس کی تفصیلات پتہ چلیں۔ بہت شاندار، مسلم دنیا کی ضروریات کے عین مطابق ہے مکہ ڈیکلریشن میں تینوں برادر ممالک نے ایک دوسرے کی قومی سلامتی کی حفاظت اور دشمنوں کے خلاف بنیان مرصوص کے طور پر اکٹھے رہنے کا عہد کیا ہے۔ معاہدہ بدر میں چاروں ممالک نے دفاعی تعاون کا عہد کیا ہے۔ دفاعی پیداوار، تکنیکی اور عسکری امور میں تعاون، قومی سلامتی و استحکام کیلئے ممالک ایک دوسرے سے تعاون کریں گے۔ برادر ممالک کے عہد و پیمان خوش آئند ہیں ان پر جتنی بھی تحسین کی جائے اتنی ہی کم ہے لیکن ذرا ٹھہریئے۔ ایسے معاہدوں کی تاریخ پر بھی نظر ڈالتے ہیں پھر دیکھتے ہیں کیا نتیجہ نکلتا ہے۔

آرگنائزیشن آف اسلامک کوآپریشن (او آئی سی) 57 ممالک پر ایک تنظیم ہے جو مسجد اقصیٰ پر ایک یہودی حملے کے بعد 25 ستمبر 1969ء کو مراکش کے دارالحکومت رباط میں قائم کی گئی تاکہ مسلم دنیا کی متحدہ آواز کی نمائندگی ہو سکے۔ 57 ممبر مسلم ممالک کے علاوہ اس میں پانچ ممالک آبزرور کی حیثیت سے شامل ہیں اس طرح اقوام متحدہ کے بعد یہ دنیا کی دوسری بڑی تنظیم ہے یہ تنظیم کسی گہرے فکر اور منصوبہ بندی کا نتیجہ نہیں ہے، بلکہ اس کا قیام ایک ہنگامی ردعمل کے طور پر عمل میں لایا گیا۔ 21 اگست 1969ء میں ایک آسٹریلوی ڈینس مائیکل روحان نے مسجد اقصیٰ کے ایک حصے کو آگ لگا کر تباہ کرنے کی کوشش کی اُس کی اس کوشش کے نتیجے میں 12 ویں صدی کے لکڑی کے سٹرکچر اور مسجد کے جنوبی حصے کی دیواروں اور کھڑکیوں کو برباد کیا گیا۔ ملعون نے صلاح الدین ایوبی کے ممبر کو بھی نظر آتش کر دیا۔ اس کا کہنا تھا کہ مجھے بشارت ہوئی ہے کہ اس جگہ کو یہودی معبد کی تعمیر کے لئے صاف اور ہموار کروں۔ اسرائیلی فوجیوں نے اسے گرفتار کیا اور اسرائیلی عدالت نے اسے ذہنی مریض قرار دے کر واپس آسٹریلیا بھجوا دیا۔ یہودی ایک عرصے سے اقصیٰ کے انہدام کے لئے کوشاں تھے او آئی سی کو بنے 57 سال ہو چکے ہیں اس کے درجنوں سربراہی اجلاس بھی منعقد ہوئے ہیں۔ وزارتی سطح پر ممبر ممالک کی کئی میٹنگز بھی ہوئی ہیں لیکن کیا اسرائیل اپنے ارادوں سے باز آیا ہے۔ یہودیوں نے اقصیٰ کے نیچے سرنگیں کھود کر اپنی متبرکات کو تلاش کرنے کی کاوشیں بھی کی ہیں، کھدائی کے باعث مسجد کی بنیادیں کمزور ہوئی ہیں اور اس کے گرنے کا خطرہ پیدا ہو چکا ہے۔ او آئی سی کچھ بھی نہیں کر سکی، صہیونی اپنے تیسرے ہیکل کی تعمیر کے


کرنٹ افیئرز
مصطفےٰ کمال پاشا

لئے یکسو ہیں، تیاریاں کر رہے ہیں، تیاریاں ہو چکی ہیں اور اب یہ صرف وقت کی بات ہے کہ وہ اس عمل کا آغاز کب کرتے ہیں ہم نے ری ایکشن میں آ کر او آئی سی تو بنا ڈالی لیکن عملاً کچھ بھی نہیں کر پائے۔

گلف کوآپریشن کونسل (جی سی سی) سات ممالک بشمول متحدہ عرب امارات، سعودی عرب، قطر، کویت، بحرین، اومان اور عراق کا ایک سیاسی، معاشی اور دفاعی معاملات پر تعاون کا ادارہ ہے جسے 1981ء میں تشکیل دیا گیا تھا۔ گزرے 45 سالوں کے دوران اس کے درجنوں اجلاس ہوئے، لمبی لمبی میٹنگز میں بہت سے معاملات زیر بحث آئے لیکن عملاً کیا ہوا۔ عراق نے کویت پر چڑھائی کر کے خطے میں آتش و آہن کا دوزخ دکھایا، اربوں ڈالر کا نقصان ہوا، لاکھوں بے گھر ہوئے، ہلاک ہوئے، زخمی ہوئے۔ جی سی سی کچھ بھی نہیں کر سکی۔ امریکی افواج نے آ کر معاملات درست کئے، یعنی اپنے مفادات کے حصول کیلئے اور اپنے انداز میں معاملات ری سیٹ کئے، پھر ہم دیکھتے ہیں کہ سعودی عرب اور قطر کے درمیان معاملات اُلجھے، دونوں ایک دوسرے کے خلاف مورچہ زن ہوئے۔ کوئی اصولی معاملہ نہیں تھا بلکہ اَنا کے مسائل تھے بالکل ویسے ہی جس طرح عرب محمد عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بعثت مبارکہ کے وقت آپس میں دست و گریبان ہوا کرتے تھے، "کبھی گھوڑا آگے بڑھانے پہ جھگڑا، کبھی پانی پلانے پر جھگڑا" جیسے معاملات سعودی عرب، قطر تعلقات میں گرانی کے دوران دیکھے گئے۔ یو اے ای اور سعودی عرب کے درمیان تو کٹی ہو چکی ہے۔ یمن میں دونوں ممالک اپنے اپنے مفادات کے تحفظ میں مصروف ہیں اس طرح کی اور بھی مثالیں دی جا سکتی ہیں کہ عربوں و مسلمانوں کے مابین ہونے والے معاہدات کسی سوچی سمجھی طویل مدتی منصوبہ سازی کے لئے نہیں بلکہ کسی ردعمل کے طور پر یا وقتی مفادات کے حصول کیلئے ہوتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ نتائج کے اعتبار سے ایسے معاہدے کاغذ کے ٹکڑوں کے سوا اور کچھ ثابت نہیں ہوئے۔ ہم مکہ معاہدے پر بہت خوش ہیں ویسے ہمیں خوش ہونا بھی چاہئے کہ یہ مکہ معاہدہ ہے پھر معاہدہ بدر پر بھی خوش ہونا چاہئے کہ یہ حق و باطل کے اولین معرکہ "جنگ بدر" کے نام پر رکھا گیا ہے، جذبات کے اعتبار سے تو یہ سب کچھ ٹھیک ہے لیکن زمینی حقائق کچھ اور کہتے ہیں۔

یہ دونوں معاہدے ردعمل اور خوف کا نتیجہ ہیں۔ فروری 2026ء میں شروع ہونے والی اسرائیل ایران جنگ اور اس کے نتیجے میں پھیلتی ہوئی ہلاکت اور تباہی نے بالخصوص عربوں پر خوف و ہراس کی کیفیت طاری کر دی ہے۔ اس لئے وہ حفاظتی بندوبست کرنے کیلئے ہاتھ پاؤں مار رہے ہیں یہ دونوں معاہدے اسی سوچ کا عکاس محسوس ہوتے ہیں۔

SHEHAR NAMA
شہرنامہ

فن و ثقافت

اداکارہ انجلی اروڑا کو شو آرگنائزرز نے سوا کروڑ ہرجانے کا نوٹس دے دیا

ممبئی (پی این پی) بھارتی سوشل میڈیا انفلوئنسر اور اداکارہ انجلی اروڑا کو شو کے آرگنائزرز نے ایک کروڑ 20 لاکھ روپے ہرجانے کا قانونی نوٹس بھیجا ہے۔ آرگنائزرز نے الزام عائد کیا ہے کہ انجلی نے 45 منٹ کی پرفارمنس کے معاہدے کے باوجود صرف 12 منٹ پرفارم کیا اور اس کے بعد اسٹیج چھوڑ کر چلی گئیں۔ اداکارہ کے خلاف ایف آئی آر درج کرنے کے لیے سروپ نگر پولیس اسٹیشن کانپور سے بھی رجوع کیا ہے۔ قانونی نوٹس میں مبینہ مالی نقصان کے علاوہ سماجی اور پیشہ ورانہ ساکھ کو پہنچنے والے نقصان اور ذہنی اذیت کے ازالے کا بھی مطالبہ کیا گیا ہے۔

عرفی جاوید شہریار منور کی معترف، دبئی میں ملاقات کا احوال سنا دیا

ممبئی (پی این پی) پاکستانی شوبز انڈسٹری سے وابستہ معروف اداکار شہریار منور کا چرچہ پڑوسی ملک تک جا پہنچا۔ بھارتی ماڈل اور سوشل میڈیا انفلوئنسر عرفی جاوید نے شہریار منور کی تعریف کرتے ہوئے دبئی میں ہونے والی اپنی ایک ملاقات کی تفصیلات شیئر کی ہیں، جس نے اُن پر گہرا اور دیرپا تاثر چھوڑا۔ سوشل میڈیا انفلوئنسر نے فوٹوز اینڈ ویڈیوز شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر ایک پوسٹ کے تبصرے میں شہریار منور سے اپنی پہلی ملاقات کے حوالے سے دلچسپ بات بتائی ہے۔ ماڈل کے مطابق یہ ملاقات کافی عرصہ قبل دبئی میں ہوئی تھی، اس وقت میں زیادہ مقبول نہیں تھی، ہم فلم فیئر مڈل ایسٹ کی تقریب میں شرکت کے لیے دبئی میں موجود تھے اور ایک ہی ہوٹل میں قیام پذیر تھے۔ انہوں نے بتایا کہ میں نے شہریار منور سے تصویر بنوانے کی درخواست کی، تاہم اداکار نے محض تصویر بنوانے پر اکتفا نہیں کیا بلکہ مجھ سے گفتگو بھی کی۔ عرفی جاوید نے بتایا کہ پاکستانی اداکار نے تقریباً 10 سے 15 منٹ تک مجھ سے بات کی، وہ انتہائی خوش مزاج و خوش اخلاق ہیں۔

انڈسٹری کا خراب ریکارڈ ہے
منوج باجپائی کی بالی ووڈ پر تنقید

ممبئی (پی این پی نامور بالی ووڈ اداکار منوج باجپائی نے کہا ہے کہ انڈسٹری کا خراب ریکارڈ ہے، یہاں اداکاروں کی صلاحیتوں کا گلا گھونٹ دیا جاتا ہے۔ اپنی منفرد اداکاری اور جاندار کرداروں کے لیے پہچانے جانے والے بالی ووڈ اداکار منوج باجپائی نے انڈسٹری کے اندرونی رویوں پر کھل کر بات کی ہے۔ انہوں نے ایک انٹرویو کے دوران انکشاف کیا کہ کس طرح فلم ساز اچھے اداکاروں کو مخصوص قسم کے کرداروں تک محدود کر کے ان کی صلاحیتوں کا گلا گھونٹ دیتے ہیں۔ منوج باجپائی کا کہنا تھا کہ بالی ووڈ میں کئی ایسے باصلاحیت فنکار آئے جنہیں مناسب مواقع اور عزت نہ ملنے کی وجہ سے وہ گمنامی کے اندھیروں میں کھو گئے۔ اداکار نے اعتراف کیا کہ ان کی اپنی طویل اداکاری کے سفر میں بھی اب تک صرف 25 فیصد

اداکارہ ایمن سلیم کا پیپلز پارٹی میں شمولیت کا اعلان

لاہور (پی این پی پاکستان کے سابق کرکٹر سلیم یوسف کی صاحبزادی معروف اداکارہ ایمن سلیم نے باضابطہ طور پر پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) میں شمولیت کا اعلان کر دیا۔ گزشتہ روز پی پی پی سندھ کے صدر نثار کھوڑو کے ہمراہ پریس کانفرنس کے دوران اداکارہ نے اپنے سیاسی سفر کے آغاز کا اعلان کرتے ہوئے اس اقدام کی وجہ بھی بتا دی۔ انہوں نے کہا کہ میں نے یہ فیصلہ محترمہ شہید بے نظیر بھٹو سے متاثر ہو کر کیا ہے، میں ان کی بہت بڑی مداح رہی ہوں، انہوں نے مجھے بہت چھوٹی عمر میں ہی سکھا دیا کہ ایک لڑکی کا خواب چھوٹا نہیں ہوتا اور خواب کی کوئی صنف نہیں ہوتی۔ اداکارہ کے مطابق ملکی سیاست میں قدم رکھنے کا فیصلہ سیاسی نہیں بلکہ یہ ایک وعدہ ہے جو میں اپنے لوگوں سے، اپنے عوام سے کرنا چاہتی ہوں کہ جو پلیٹ فارم مجھے دیا گیا ہے اس کے ذریعے اپنے ملک و لوگوں کے لیے دل سے بلا غرض خدمت کرنا چاہتی ہوں۔ اس موقع پر انہوں نے صدرِ مملکت آصف علی زرداری، پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور پارٹی کی سینئر رہنما فریال تالپور کی قیادت پر اعتماد کا اظہار کیا۔ ایمن سلیم کی پارٹی میں شمولیت کا خیر مقدم کرتے ہوئے نثار کھوڑو نے کہا کہ مجھے ایمن سلیم کے پیپلز پارٹی کا حصہ بننے کے فیصلے پر خوشی ہے۔

سمانتھا پرابھو نے وجے کو اپنا 'لکی چارم' قرار دے دیا

ممبئی (پی این پی ساؤتھ فلم انڈسٹری کے سپر اسٹار سی جوزف وجے نے اپنے کیریئر کے عروج پر فلمی دنیا کو خیر باد کہہ دیا اور اب تامل ناڈو کے وزیر اعلیٰ ہیں۔ ان کی ساتھی اداکارہ سمانتھا روتھ پرابھو اس وقت سیلیبریٹی ماسٹر شیف تامل کی میزبانی کر رہی ہیں۔ شو کے دوران اداکارہ نے ان کی بھرپور تعریف کی۔ جب ان سے ان کے پسندیدہ ساتھی اداکار کے بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے وجے کو اپنا 'لکی چارم' قرار دیا اور ایک محنتی انسان ہونے پر ان کی تعریف کی۔ سمانتھا کا کہنا ہے کہ وجے کے لیے اِن کی پسندیدگی سب کو معلوم ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ میرے لیے خوش قسمتی کی علامت ہیں۔ میں نے ان کے ساتھ تین سپر ہٹ فلموں میں کام کیا ہے۔ ان فلموں میں کتھی (2014)، تھیری (2016) اور مرسل (2017) شامل ہیں۔ یہ تینوں فلمیں تجارتی اعتبار سے کامیاب رہیں اور دنیا بھر میں 100 کروڑ بھارتی روپے سے زیادہ کا کاروبار کیا، جبکہ مرسل نے 250 کروڑ بھارتی روپے سے بھی زیادہ کمائی کی۔ سمانتھا نے فلمی دنیا سے کنارہ کشی اختیار کرنے کے بعد وجے کے سیاسی سفر کے بارے میں بھی بات کی۔ انہوں نے کہا کہ ایک انسان کی حیثیت سے وہ دوسروں کے لیے باعثِ تحریک ہیں۔ کروڑوں مداح ہونے کے باوجود رہنما بننے اور حکمرانی کی ذمہ داری سنبھالنے کا انتخاب کرنا، خاموشی، یکسوئی اور پردے کے پیچھے انتہائی محنت سے کام کرنا، یہ سب قابلِ تعریف ہے۔ وجے نے 1984 میں فلم ویتری کے ذریعے بطور چائلڈ آرٹسٹ پردہ سکرین پر قدم رکھا تھا۔

بقیہ نمبر 1

ناصر، ندیم شیراز، ندیم اقبال طلبہ کے ہمراہ گروپ فوٹو

بقیہ نمبر 2

عزم کا مظہر ہے۔ اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر قمر الزمان نے فیکلٹی، اساتذہ، انتظامیہ اور طلبہ کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ یہ اعزاز اجتماعی محنت، پیشہ ورانہ لگن اور انجینئرنگ تعلیم کے معیار کو مزید مستحکم بنانے کی مسلسل کاوشوں کا ثمر ہے۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ یہ کامیابی یونیورسٹی کو قومی و بین الاقوامی سطح پر مزید نمایاں مقام دلانے میں اہم کردار ادا کرے گی۔

ایک اور اہم پیش رفت میں پاکستان انجینئرنگ کونسل نے فیکلٹی کے لیے طلبہ کی داخلہ گنجائش 40 سے بڑھا کر 50 کرنے کی بھی منظوری دے دی ہے، جس سے زرعی انجینئرنگ کے شعبے میں اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے خواہشمند مزید طلبہ کو معیاری تعلیمی مواقع میسر آئیں گے۔

یہ کامیابی اس امر کی عکاس ہے کہ بارانی زرعی یونیورسٹی راولپنڈی انجینئرنگ تعلیمی معیار کو مسلسل بہتر بنانے اور بین الاقوامی تقاضوں سے ہم آہنگ کر کے ایسے باصلاحیت گریجویٹس تیار کرنے کے لیے کوشاں ہے جو زرعی ترقی، جدید ٹیکنالوجی اور قومی تعمیر و ترقی میں مؤثر کردار ادا کر سکیں

بقیہ نمبر 3

گی متوقع ہے۔ دوسری جانب پورٹ قاسم پر 4 ہزار 520 میٹرک ٹن ایل پی جی لے جانے والا ایک بحری جہاز لنگر انداز ہو چکا ہے، جبکہ 3 ہزار 83 میٹرک ٹن ایل پی جی کا کارگو منتقل کرنے والا ایک اور جہاز بھی روانہ ہو گیا ہے۔ ایل پی جی کی درآمدی سپلائی میں اضافے سے ملک میں گیس کی دستیابی بہتر ہونے کی توقع ہے۔ حالیہ دنوں میں ایران سے ایل پی جی کی آمد معطل ہونے کے باعث پاکستان میں گیس کی قلت پیدا ہو گئی تھی، جس کے نتیجے میں قیمتیں ملکی تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی تھیں۔ گیس کی محدود دستیابی کے باعث گھریلو صارفین اور کاروباری شعبے کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے اکتوبر کے لیے ایل پی جی کی سرکاری قیمت 279 روپے فی کلو مقرر کی تھی، تاہم ادارہ شماریات اور ایل پی جی ڈیلرز کے مطابق ملک کے مختلف حصوں میں گیس 550 سے 610 روپے فی کلو تک فروخت ہوتی رہی۔ اسی طرح 67.11 کلو کا گھریلو سلنڈر 4 ہزار 500 روپے سے بڑھ کر 7 ہزار روپے تک پہنچ گیا تھا۔ پاکستان ایل پی جی ایسوسی ایشن کے مطابق بلوچستان میں 12 کلو کا سلنڈر 7 ہزار روپے، لاہور میں 7 ہزار 500 روپے اور اسکردو میں 8 ہزار 200 روپے تک فروخت ہونے کی اطلاعات تھیں، جس سے صارفین پر اضافی مالی بوجھ پڑا۔ پاکستان روزانہ ایران سے تقریباً 7 ہزار میٹرک ٹن ایل پی جی درآمد کرتا ہے، جس میں سے 4 ہزار میٹرک ٹن سے زائد سپلائی گبد ریمدان بارڈر کے راستے ملک میں داخل ہوتی ہے۔ اس راستے پر تجارتی سرگرمیاں متاثر ہونے سے ایل پی جی کی سپلائی میں نمایاں کمی واقع ہوئی تھی۔ سرحدی تجارتی تعطل کے باعث پاکستانی برآمدات کے ایک ہزار سے زائد کنٹینرز بھی پھنس گئے تھے، تاہم بعد ازاں جلد خراب ہونے والی غذائی اشیا کی برآمدات بحال کر دی گئیں۔ بزنس ریکارڈر کے مطابق پاکستانی فوج کے سربراہ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے حال ہی میں تہران کے دورے کے دوران ایرانی قیادت سے تجارتی امور پر تبادلہ خیال کیا تھا

بقیہ نمبر 4

کو چھریوں کے وار سے زخمی کر کے قتل کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزم نے اپنے ساتھی کے ہمراہ سابقہ رنجش پر شہری کو چھریوں کے وار سے زخمی کیا تھا جو دوران علاج دم توڑ گیا۔ واقعے کے بعد ملزم فرار ہو گیا تھا۔ صادق آباد پولیس نے مقدمہ درج کر کے ٹیکنیکل اور ہیومن انٹیلیجنس ذرائع کی مدد سے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ایس پی راول کے مطابق گرفتار ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے عدالت میں پیش کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 5

طور پر 4 لاکھ 25 ہزار ڈالر جرمانہ عائد کر دیا ہے۔ امریکی حکام کے مطابق دونوں یورپی ایئر لائنز نے امریکی کمپنی ڈیلٹا ایئر لائنز کے کوڈ کے تحت ایسی پروازیں چلائیں جو عراق کے فضائی حدود میں مقررہ کم از کم بلندی سے نیچے پرواز کر رہی تھیں۔ امریکی محکمہ ٹرانسپورٹیشن کے مطابق ایئر فرانس پر ایک لاکھ 5 ہزار ڈالر جبکہ کے ایل ایم پر 3 لاکھ 20 ہزار ڈالر جرمانہ کیا گیا ہے۔ ایئر فرانس نے اپریل 2022 سے نومبر 2025 کے درمیان 30 سے زائد، جبکہ کے ایل ایم نے جنوری 2022 سے مئی 2025 کے دوران 100 سے زائد پروازیں بغداد فلائٹ انفارمیشن ریجن سے گزاری تھیں۔

بقیہ نمبر 6

کے سیکرٹری اطلاعات و نشریات بشارت بھٹی، راجہ نوید، یاد میر خان، محمد شاہد، سردار زاہد، ملک محمد خان، راجہ عابد، عادل محمود، راجہ خالد، راجہ اعظم، راجہ رؤف، سید شیراز حسین بخاری، اسد حسین شاہ اور شیخ انجم شہزاد سمیت دیگر پارٹی رہنماں کے ساتھ جیالوں اور کارکنوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ شرکا نے محترمہ نصرت بھٹو شہید کی جمہوریت، آئین اور عوامی حقوق کے لیے لازوال جدوجہد کو خراج عقیدت پیش کیا اور ان کے ایصالِ ثواب کے لیے خصوصی دعا کی۔ محترمہ نصرت بھٹو شہید کی قربانیاں اور جمہوریت کے لیے ان کی جدوجہد ہمیشہ ہمارے دلوں میں زندہ رہے گی۔ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ آمین

بقیہ نمبر 7

کارکردگی کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم سمیت دیگر سینئر پولیس افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران آئی جی اسلام آباد نے تمام افسران کی کارکردگی کا فرداً فرداً جائزہ لیا اور اسے مزید بہتر بنانے کی ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے کہا کہ متحرک جرائم پیشہ گینگز کے خلاف مؤثر اور ٹارگٹڈ کارروائیاں یقینی بنائی جائیں جبکہ جرائم کی روک تھام کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ آئی جی اسلام آباد نے موٹر سائیکل اور گاڑی چوری میں ملوث گینگز کے خلاف مؤثر کریک ڈاؤن کرنے اور مقدمات برخلاف مال میں ملوث ملزمان کی گرفتاری کے ساتھ چوری شدہ سامان کی برآمدگی ہر صورت یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ تمام پٹرولنگ یونٹس فیلڈ میں متحرک نظر آئیں اور گشت کے نظام کو مزید فعال بنایا جائے تاکہ جرائم کی روک تھام اور شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنایا جا سکے۔ محمد سہیل چوہدری نے کہا کہ بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کی حوصلہ افزائی کی جائے گی جبکہ شہریوں کی بروقت دادرسی اور ان کے مسائل کا فوری حل اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے

بقیہ نمبر 8

ساتھ مربوط کرنا ضروری ہے تاکہ عالمی سطح پر ملک کا مقام مزید مستحکم ہو سکے۔ اپنے ایک ٹی وی انٹرویو میں انہوں نے بھارت کی داخلی صورتحال، خطے کو درپیش چیلنجز، مسلم ممالک کے درمیان بڑھتے ہوئے تعاون اور پاکستان کے بدلتے ہوئے سفارتی و تزویراتی کردار پر اظہار خیال کرتے ہوئے بھارت کی داخلی صورتحال، شمال مشرقی ریاستوں، بالخصوص منی پور میں جاری شورش، شناخت کی بنیاد پر بڑھتی کشیدگی، حقوق کی مبینہ خلاف ورزیوں اور سماجی تقسیم پر تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ مذہبی بنیادوں پر بڑھتی ہوئی تقسیم اور سیاسی ماحول میں عدم برداشت بھارت کے سماجی اتحاد کو کمزور کر رہی ہے۔ انہوں نے بنگلہ دیش، نیپال، سری لنکا، مالدیپ اور پاکستان سمیت متعدد پڑوسی ممالک کے ساتھ بھارت کے کشیدہ تعلقات کا بھی حوالہ دیا۔ بھارت میں طلبہ اور نوجوان مظاہرین پر پابندیوں اور مبینہ بدسلوکی سے متعلق اطلاعات پر انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل اپنے خیالات اور امنگوں کے اظہار کے لیے اپنی آوازوں کو بلند کر رہے ہیں۔ حکومتوں کو اختلاف رائے کا جواب دباؤ اور دھمکیوں کے بجائے جمہوری مکالمے سے دینا چاہیے، کیونکہ امتیازی پالیسیاں عوامی بے چینی میں اضافے کا سبب بن سکتی ہیں۔ علاقائی سلامتی کے حوالے سے سردار مسعود خان نے پاکستان، ترکیہ، قطر اور انڈونیشیا کے درمیان بڑھتے ہوئے دفاعی تعاون کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے مسلم ممالک میں خود انحصاری کے فروغ کی جانب اہم پیش رفت قرار دیا۔ انہوں نے دفاعی پیداوار، انٹیلی جنس کے تبادلے، فوجی تربیت اور مشترکہ مشقوں کے شعبوں میں تعاون کے وسیع امکانات کی نشاندہی کی۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان، ترکیہ، سعودی عرب اور دیگر شراکت دار اجتماعی سلامتی کے ایک وسیع تر نظام کی تشکیل میں کردار ادا کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس تعاون کو خلیجی خطے تک محدود رکھنے کے بجائے مصر، کویت، بحرین، ملائیشیا اور برونائی جیسے ممالک تک وسعت دی جانی چاہیے۔ مسلم ممالک کو علاقائی کشیدگی کم کرنے کے لیے سفارت کاری جاری رکھتے ہوئے اپنے دفاع کی زیادہ ذمہ داری خود سنبھالنے کی جانب بڑھنا چاہیے۔ انہوں نے امریکہ اور ایران کے درمیان مذاکرات کی بحالی اور خلیج میں بحری سلامتی کے تحفظ کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ پاکستان کے عالمی مقام پر گفتگو کرتے ہوئے سردار مسعود خان نے کہا کہ ملک کی سیاسی اور عسکری قیادت نے بڑی عالمی طاقتوں کے ساتھ روابط کو مضبوط بنانے میں کردار ادا کیا ہے

بقیہ نمبر 9

اپنی زندگی اس دنیا میں انسانیت کی بھلائی اور بہتری کے حوالے سے بڑے اچھے انداز میں گزاری ہے یہی وجہ ہے کہ لوگ ان کو آج اچھے الفاظ میں یاد کر رہے ہیں چوہدری غلام سرور جیسے حساس دل، بہترین اخلاق اور انسانیت کی خدمت کرنے والی شخصیات میں شامل ہیں اس دکھی گھڑی میں خدا پاک ہی تسلی اور اطمینان دینے والا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز یہاں چوہدری غلام حسین کے بڑے بھائی چوہدری الطاف حسین کی اچانک وفات پر ان کی رہائش گاہ پر ان کے ساتھ غم کا اظہار کرتے ہوئے کیا اس موقع پر پی ٹی سی ایل مزدور یونین کے صدر عمران حسین، سینیئر صحافی عقیل انجم، ڈاکٹر اشتیاق مغل، محمد اسماعیل سینیئر ایڈووکیٹ، ملک زرتاش، اقبال خان سمیت دیگر بھی موجود تھے ڈاکٹر محمد حنیف مغل نے مزید کہا کہ جو انسان دنیا میں آتا ہے اس نے ایک دن واپس جانا ہوتا ہے لیکن لواحقین کے لیے یہ غم کی گھڑی ہوتی ہے جن کو ان حالات کو صبر و تسلی کے ساتھ برداشت کرنا پڑتا ہے

بقیہ نمبر 10

ترین حالات میں عوامی بھلائی کے لیے بہت اقدامات کر رہے ہیں، ایران جنگ اور اب سعودیہ جنگ کے وجہ سے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ ملکی معیشیت میں مشکلات پیدا کر رہی ہے لیکن اس کے باوجود میاں نواز شریف کی راہنمائی اور وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف کی قیادت میں حکومت بہتر اقدامات کے لیے دن رات کوشاں ہے پشاور میں سکول کی چھت گرنے سے جاں بحق ہونے والے بچوں کے لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں، پاکستان مشکل حالات سے گزر رہا ہے لیکن عوام کی بھلائی کے لیے اور ملکی معیشت کی بہتری اور سلامتی کے لیے حکومت بہترین انداز میں منصوبہ سازی کر رہی ہے جس کے نتائج جلد عوام کو ملنا شروع ہوں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز یہاں منعقدہ ایک بین الاقوامی سیمینار کے دوران خطاب کرتے ہوئے کیا، ڈاکٹر نیلسن عظیم نے مزید کہا کہ ہماری کوشش ہے کہ ملک میں صحت اور تعلیم کے معیار کو مزید بہتر بنایا جائے اور عوام کو بہتر طبی سولیات فراہم کرنے کے ساتھ روزگار کے موقع فراہم کرنے کے لیے بھی تمام تر ذرائع کو بروئے کار لایا جائے۔

بقیہ نمبر 11

رہائش گاہ آمد۔ ڈاکٹر سید آصف کرمانی نے پیر علی رضا بخاری کے بڑے بھائی حضرت پیر سید سعید احمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے انتقال پر تعزیت و فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر انہوں نے درگاہِ عالیہ بساہاں شریف کے جملہ مشائخ، بالخصوص مرحوم کے صاحبزادگان، صاحبزادہ سید احمد علی بخاری اور صاحبزادہ سید انس علی بخاری کے لیے اپنے تعزیتی پیغام میں دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور مرحوم کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی۔

بقیہ نمبر 12

مبارکباد پیش کی ہے جن میں ان کے قریبی دوستوں سینئر صحافی عقیل انجم، اے ایس آئی عاصم، اے ایس آئی تیمور، ناصر، فیصل، ارسلان، علی رضا اور دیگر نے دلی مبارکباد پیش کی ہے اور توقع کا اظہار کیا ہے کہ انسپیکٹر عدیل ترقی پانے کے بعد اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کو حسب سابق انتہائی فرض شناس طریقے اور حب الوطنی کے جزبے سے سرشار ہو کر سرانجام دیتے رہیں گے اسی طرح تمام احباب نے توقع کا اظہار کیا کہ ماضی کی طرح انسپیکٹر عدیل اپنی پیشورانہ ذمہ داریوں کو احسن انداز میں سرانجام دیتے رہیں گے اور ملک و قوم کی ترقی کے لیے اپنا کردار احسن انداز میں سرانجام دینے کے ساتھ قانون اور انصاف کے لیے ہر مظلوم کا ساتھ دیں گے اور حقائق پر مبنی انصاف کے لیے اپنی خدمات بہتر انداز میں سرانجام دیں گے

بقیہ نمبر 13

ہیں ۔ انکے معالج مشہور و معروف پلمونولوجسٹ ڈاکٹر معاذ سہیل رانا کی ہدایت پر انکے بیڈ روم کو ہسپتال کے کمرے کی شکل دے دی گئی ہے اور انکی صاحبزادی ڈاکٹر و سرجن سیدہ حورالعین بخاری انکی ہدایات کے مطابق مسلسل علاج کر رہی ہیں ۔ روزانہ تین ٹائم انجکشن اور انٹی بائیوٹکس ڈرپس، بارہ گھنٹے کے بعد سٹیرائیڈ کا انجکشن اور دیگر میڈیسن مسلسل دی جا رہی ہیں گذشتہ روز تمام ٹیسٹ کروائے گئے مگر رزلٹ ٹھیک نہ ہونے کی وجہ سے مزید 7، دن میڈیسن جاری رکھنے کی ہدایات کی ہیں ۔ پیر سید سہیل بخاری نے بتایا ہے کہ روزانہ کے 20 سے 25 ہزار روپے خرچ ہو رہے ہیں اگر ہسپتال داخل ہوتا تو ڈبل ہو جاتے یہ ڈاکٹر معاذ سہیل رانا کی میرے ساتھ پیاری بہن نجیبہ بی جی کی معرفت عقیدت و احترام ہے کہ انہوں نے صاحبزادی کو ساری بیماری کے بارے آگاہی دی اور گھر پر علاج کی تجویز دی ۔ ایک انجکشن 4، ہزار کا ہے اور روزانہ کے 3، لگ رہے ہیں اور دیگر ڈرپس اور ادویات الگ ہیں ۔ پیر سید سہیل بخاری نے کہا کہ میں نجیب الطرفین سادات ہوں مجھے دوسرے لوگوں کی طرح رونا نہیں آتا دو دن میڈیا پر شور مچائیں ہسپتال 2، دن رہ کر حکومت سے اور مخیر حضرات سے فنڈز لیں اور پھر خاموش ہو جائیں ۔ انہوں نے اپنے لئے الیکٹرانک میڈیا کے کردار پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایشین کلچرل ایسوسی ایشن آف پاکستان نے پہلی مرتبہ الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا سے وابستہ افراد و شخصیات کیلئے گذشتہ 8، سال قبل ایشین میڈیا ایوارڈز کا اجراء کیا تھا اس سے پہلے کسی بھی تنظیم، فرد یا ادارے نے میڈیا کی خدمات کی پذیرائی نہیں کی اور پھر ہمارے دیکھا دیکھی دوسری چھوٹی موٹی تنظیموں نے ایسا کرنا شروع کیا انکی تقریبات ادبی بیٹھک میں منعقد کی جاتی ہیں لیکن ھماری تقریبات الحمراء ہال ون مال روڈ لاہور میں منعقد کی جاتی ہیں ۔ انکے ایک چھوٹے سے اسٹیج پر مہمانان خصوصی کا جمگھٹا لگا ہوتا ہے جبکہ ہمارے سٹیج پر ایسا نہیں ہوتا ہے ۔ پیر سید سہیل بخاری چیئرمین ایشین ایوارڈز کمیٹی سینئر ترین کلچرل ایونٹ آرگنائزر نے مزید کہا کہ ہماری ایسوسی ایشن اور میر عزم "بزنس نہیں خدمت اور پزیرائی" تمام دوست، احباب سے دعاؤں کی درخواست ھے۔

بقیہ نمبر 14

پارک، راولپنڈی میں قانونی امداد اور آگاہی کیمپ پروگرام کا افتتاح کیا۔ اس اقدام کا مقصد عوام کو قانونی رہنمائی فراہم کرنا، بنیادی انسانی حقوق سے متعلق آگاہی پیدا کرنا اور انصاف تک رسائی کو بہتر بنانا ہے، خصوصاً معاشرے کے محروم اور مستحق طبقات کے لیے۔ اس موقع پر ایڈووکیٹ رابن داؤد نے کہا کہ انصاف کی فراہمی، مساوات کے فروغ اور انسانی حقوق کے تحفظ کے لیے قانونی معاونت تک آسان رسائی اور عوام میں قانونی شعور اجاگر کرنا انتہائی اہم ہے۔ ایچ آر ایف ایل کی ٹیم نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ قانونی آگاہی کے اقدامات کے ذریعے عوام کی خدمت، شہریوں کو اپنے حقوق سے آگاہ کرنے اور قانون کی حکمرانی کو مضبوط بنانے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گی

بقیہ نمبر 15

روٹری نے یہ دن ڈاکٹر جوناس سالک کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے متعارف کرایا تھا، جنہوں نے تقریباً 70 برس قبل پولیو سے بچاؤ کے اولین محفوظ اور مؤثر حفاظتی ٹیکے تیار کیے تھے۔ یہ دن پولیو کے خاتمے کے لیے ہونے والی پیش رفت کو سراہنے اور اس مقصد کے حصول کے عزم کی تجدید کا موقع فراہم کرتا ہے۔ پولیو سے پاک دنیا کا تصور پیش کرنے والی پہلی تنظیم روٹری نے 1988 میں گلوبل پولیو ایریڈیکیشن انیشی ایٹو (جی پی ای آئی) کے قیام میں معاونت کی۔ اُس وقت 125 ممالک میں ہر سال تقریباً 3 لاکھ 50 ہزار بچے پولیو سے متاثر ہو رہے تھے۔ آج روٹری اور اس کے عالمی شراکت داروں کی کوششوں کے نتیجے میں پولیو کے کیسز میں 9.99 فیصد سے زائد کی آچکی ہے، جس سے 2 کروڑ سے زائد افراد کو عمر بھر کی معذوری سے بچانا ممکن ہوا ہے۔ اس موقع پر روٹری انٹرنیشنل کے صدر اولے اینکا حکیم بابالولا نے کہا، ''ہم اب تک 3 ارب امریکی ڈالر سے زائد کی معاونت فراہم کر چکے ہیں، جس میں پاکستان میں روٹری کے ارکان کی جانب سے دیے گئے 13 لاکھ امریکی ڈالر بھی شامل ہیں۔ ان وسائل میں سے نصف ارب امریکی ڈالر سے زائد کی سرمایہ کاری اور رضا کاروں کی جانب سے بے شمار گھنٹوں پر مشتمل خدمات کے ذریعے پاکستان میں 4 کروڑ 50 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو کی وجہ سے ہونے والی معذوری سے بچانے میں مدد دی گئی ۔'' اولے اینکا حکیم بابالولا نے نائیجیریا میں پولیو کے خاتمے کی کوششوں میں رہنما کردار ادا کیا تھا، جس کے نتیجے میں 2020 میں افریقہ کو وائلڈ پولیو وائرس سے پاک قرار دینے کی راہ ہموار ہوئی۔ انہوں نے مزید کہا، ''افریقہ کی کامیابی اس بات کا ثبوت ہے کہ باہمی تعاون اور سیاسی و مالی معاونت کے ذریعے پاکستان میں پولیو کا خاتمہ اور دنیا بھر سے اس بیماری کا مکمل انسداد ممکن ہے۔'' روٹری کے ارکان حکومتوں سے معاونت حاصل کرنے کے لیے بھی سرگرم عمل رہتے ہیں اور پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کی اہمیت کے بارے میں آگاہی پیدا کرتے ہیں۔ پاکستان میں یہ کردار خاص طور پر اہم ہے، کیونکہ ویکسین لگوانے سے انکار اب بھی ہر بچے کو تحفظ تک رسائی دینے کی کوششوں میں ایک بڑی رکاوٹ ہے۔ روٹری کی پاکستان نیشنل پولیو پلس کمیٹی کے چیئرمین عزیز میمن نے کہا، ''پاکستان میں انسدادِ پولیو کی کوششوں میں نمایاں پیش رفت ہوئی ہے اور رواں سال صرف چند کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔ ہم عوامی اعتماد اور اپنی ساکھ برقرار رکھنے کے لیے کمیونٹی کی دیگر ضروریات پوری کرنے پر بھی کام جاری رکھے ہوئے ہیں۔ مثال کے طور پر، کمیٹی نے پاکستان بھر میں واٹر فلٹریشن پلانٹس، مقامی آبادی کے ساتھ روابط مضبوط بنانے کے لیے وسائل مراکز، فرنٹ لائن ورکرز کی سہولت کے لیے ٹیم سپورٹ سینٹرز اور دورانِ سفر بچوں کی پولیو ویکسین تک رسائی یقینی بنانے کے لیے مستقل ٹرانزٹ پوسٹس کے قیام میں معاونت کی ہے۔'' روٹری اور اس کے گلوبل پولیو ایریڈیکیشن انیشی ایٹو (جی پی ای آئی) کے شراکت داروں کے پاس پولیو کے مکمل اور مستقل خاتمے کے لیے ضروری وسائل اور مہارت موجود ہے، تاہم اس مقصد کے حصول کے لیے ضروری ہے کہ حکومتیں، عطیہ دہندگان اور شراکت دار پولیو کے خاتمے کو اپنی اولین ترجیحات میں شامل رکھیں۔ مزید معلومات کے لیے endpolio.org ملاحظہ کریں۔

بقیہ نمبر 16

، اس لیے بچوں کی صحت، تعلیم اور بہتر تربیت پر توجہ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے اساتذہ، والدین اور معاشرے کے تمام افراد پر زور دیا کہ وہ پولیو کے خاتمے کے لیے اپنا کردار ادا کریں تاکہ آنے والی نسلوں کو اس موذی مرض سے محفوظ بنایا جا سکے۔ عرفان مظفر کیانی کے خطاب کے بعد سی پی او عرفان ریاض نے بھی شرکا سے گفتگو کرتے ہوئے پولیو مہم کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ وہ پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے ضرور پلوائیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پولیو کے خاتمے کے لیے عوام، والدین اور پولیو ٹیموں کا باہمی تعاون ناگزیر ہے۔ سیشن میں کمیونٹی موبلائزر آفیسر ثاقبہ رزاق اور ایریا انچارج نوشین کنول نے بھی شرکت کی۔ مقررین نے پولیو مہم کو کامیاب بنانے اور بچوں کو اس موذی مرض سے محفوظ رکھنے کے لیے شرکا کو آگاہی فراہم کی۔

بقیہ نمبر 17

خان نائب صدور، میاں رضا شاہ جنرل سیکرٹری، محمد فیضان جوائنٹ سیکرٹری، ہارون خان سیکرٹری اطلاعات اور شعیب خان کو آرڈینیٹر مقرر کیے گئے۔ اس موقع پر حاجی حبیب اللہ ۔ ڈاکٹر سلمان ۔ ملک فرمان ۔ لیاقت خان ۔ ڈاکٹر محمد نعیم ۔ ساجد خٹک اور دیگر مختلف سیاسی جماعتوں کے کارکنان نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ صوبے میں گورنر راج کے نفاذ کے بعد عوام کو درپیش بنیادی مسائل، بالخصوص صحت، تعلیم اور دیگر عوامی سہولیات کے مسائل کے حل کے لیے آل پارٹیز گرینڈ کمیٹی کا قیام وقت کی اہم ضرورت ہے۔

بقیہ نمبر 18

اس موقع پر تقریباً 150 نجی تعلیمی اداروں کے 500 کے لگ بھگ پرنسپلز، ڈائریکٹرز اور اساتذہ نے شرکت کی۔ ڈاکٹر تبسم ناز نے نجی تعلیمی اداروں کی انتظامیہ اور اساتذہ کو نئے قومی نصابِ پاکستان 2026 کے اہم خدوخال، نصاب سازی کے جدید تقاضوں، زبان کی اہمیت اور تعلیمی شعبے میں آئندہ لائحہ عمل سے آگاہ کیا۔ سمیع خان نے نصاب میں زبان کی اہمیت اور کردار پر گفتگو کی، جبکہ ڈاکٹر فاطمہ ڈار نے لینگویج لیڈنگ کے موضوع پر بریفنگ دی۔ محترمہ نگہت لون نے نصاب سازی کے اصولوں، طریقۂ کار اور اہم تقاضوں سے شرکاء کو آگاہ کیا۔ اس موقع پر سوال و جواب کا خصوصی سیشن منعقد ہوا، جس میں شرکاء نے نئے نصاب کے نفاذ، تدریسی ضروریات اور نجی تعلیمی اداروں کو درپیش مسائل کے حوالے سے سوالات کیے۔ ماہرینِ تعلیم نے سوالات کے جوابات دیے اور شرکاء کی تجاویز اور آراء کو اہمیت دی۔ تقریب میں علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے بھی شرکت کی اور تعلیمی معیار کی بہتری، نصاب کے مؤثر نفاذ اور اساتذہ کی رہنمائی کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ ممبر بورڈ آف گورنرز، فیڈرل بورڈ (FBISE)، مرکزی و بانی صدر پرائیویٹ ایجوکیشنل سوسائٹی اور مرکزی صدر پاکستان چیمبر آف ایجوکیشن حافظ محمد بشارت نے بطور میزبان سیشن میں شرکت کرنے والے تمام پرنسپلز، ڈائریکٹرز اور اساتذہ کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے وزارتِ وفاقی تعلیم اور نیشنل کریکلم کونسل ونگ کی جانب سے اس اہم آگاہی و مشاورتی نشست کے انعقاد کو سراہا۔ حافظ محمد بشارت نے کہا کہ نجی تعلیمی ادارے پاکستان کے تعلیمی نظام کا ایک اہم اور مؤثر حصہ ہیں اور معیاری تعلیم کے فروغ، طلبہ کی استعداد میں اضافے اور قومی تعلیمی اہداف کے حصول میں نمایاں کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ نئے قومی نصاب کی تشکیل اور اس کے مؤثر نفاذ کے لیے نجی تعلیمی اداروں کی انتظامیہ اور تجربہ کار اساتذہ کی آراء، تجاویز اور زمینی حقائق کو اہمیت دی جانی چاہیے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ نیشنل کریکلم کونسل ونگ اور نجی تعلیمی اداروں کے درمیان تعاون اور مشاورت کا سلسلہ مستقبل میں بھی جاری رہے گا۔ ڈائریکٹر دارِ ارقم اسکولز علی رضا صاحب نے اپنے خطاب میں اس عزم کا اظہار کیا کہ نجی تعلیمی ادارے نئے قومی نصابِ پاکستان 2026 کے مؤثر نفاذ کے لیے نیشنل کریکلم کونسل ونگ کے ساتھ بھرپور تعاون کریں گے۔

بقیہ نمبر 19

کی ہدایت پر منعقد ہوئی جس کی نگرانی پرنسپل ڈاکٹر رانا علی سجاد، وائس پرنسپل ڈاکٹر مسز سباحت اکرم اور کوآرڈینیٹر منیزہ باروچ نے کی۔ فن گالا میں تفریحی سرگرمیوں، دلچسپ کھیلوں اور حیرت انگیز مظاہروں نے بچوں کے چہروں پر حیرت، خوشیاں اور قہقہے بکھیر دیئے۔ تقریب میں سب سے زیادہ توجہ کا مرکز جادو کا مظاہرہ تھا جس میں جادوگر نے ایک کے بعد ایک حیرت انگیز کرتب دکھا کر بچوں کو اپنے سحر میں جکڑے رکھا۔ سب سے زیادہ حیران کن لمحہ وہ تھا جب جادوگر نے ایک عام سا اخبار اٹھایا اور اس سے اچانک پانی کا فوارہ پھوٹ پڑا جسے دیکھ کر ننھے تماشائی حیرت سے دنگ رہ گئے۔ اس کے علاوہ فن گالا میں شریک طلبہ اور ان کے والدین کیلئے کھانے پینے کی اشیاء، چوڑیوں، کھلونوں اور جیولری کے اسٹالز کے علاوہ فیس پینٹنگ، مہندی، لکی ڈرا اور مختلف دلچسپ کھیلوں کا بھی اہتمام کیا گیا تھا۔ جناح اقبال ساؤتھ ایشین فورم کے چیئرمین رانا عبدالباقی نے کہا کہ ادارہ مستحق بچوں کو معیاری تعلیم فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں خوشیوں، تخلیقی صلاحیتوں کے اظہار اور شخصیت سازی کے مواقع دینے کے لیے بھی پرعزم ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ تعلیم کو صرف نصابی کتابوں اور کلاس روم تک محدود نہیں رہنا چاہیے بلکہ اس کا مقصد بچوں میں خود اعتمادی، تخیل، سماجی میل جول اور زندگی کے بارے میں مثبت سوچ کو بھی فروغ دینا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تفریحی سرگرمیاں بچوں کی ہمہ جہت نشوونما کا ایک اہم حصہ ہیں کیونکہ ان کے ذریعے بچوں کو اپنی دلچسپیوں کو دریافت کرنے، دوستیوں کو مضبوط بنانے اور خوش گوار ماحول میں خود اعتمادی پیدا کرنے کا موقع ملتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بچوں کو معیاری تعلیم کے ساتھ ایک خوش گوار بچپن فراہم کرنا جناح اقبال ساؤتھ ایشین فورم کے فلاحی مشن کا اہم جزو ہے۔ طلبہ اور ان کے والدین سکول میں اس قدر شاندار اور تفریحی تقریب منعقد کرنے پر چیئرمین رانا عبدالباقی اور اسکول انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا۔ تقریب میں شریک والدین نے کہا کہ اس نوعیت کی سرگرمیاں بچوں میں خود اعتمادی پیدا کرنے، سماجی روابط مضبوط بنانے اور شخصیت کو نکھارنے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ انہوں نے بچوں کو روایتی تعلیم سے ہٹ کر سیکھنے، ایک دوسرے سے میل جول بڑھانے اور اپنی صلاحیتیں اجاگر کرنے کے مواقع فراہم کرنے پر اسکول کی کوششوں کو قابلِ تحسین قرار دی

بقیہ نمبر 20

ہونی چاہئے، اگر آپ نے ایسا نہ کیا تو آپ کا وجود مٹ جائے گا، آپ کا نام و نشان اور شناخت ختم ہو جائے گی اور کوئی آپ کو یاد تک نہیں رکھے گا۔ فاروق عبداللہ کا کہنا تھا کہ ہمارا پڑوسی پاکستان مسلسل ان کے پیچھے پڑا ہوا ہے، وہ ہر جگہ جا کر کہتا ہے کہ مسئلہ کشمیر ابھی تک حل نہیں ہوا، وہ ہماری حفاظت کر رہا ہے، ورنہ بھارت کے ارادے ٹھیک نہیں ہیں، وہ کہتے کچھ ہیں لیکن کرتے بالکل اس کے برعکس ہیں۔ نیشنل کانفرنس کے سربراہ کا کہنا تھا کہ آپ میں سچ کا ساتھ دینے اور اس پر ڈٹ جانے کا حوصلہ ہونا چاہئے، سچ بولنا آسان نہیں ہوتا لیکن جب تک آپ سچ نہیں بولیں گے اور اس پر مضبوطی سے قائم نہیں رہیں گے، آپ کا مستقبل کبھی محفوظ نہیں ہو سکتا۔ دوسری جانب فاروق عبداللہ کے بیان پر بی جے پی نے سخت ردعمل دیتے ہوئے ان سے معافی مانگنے کا مطالبہ کیا ہے۔ مقبوضہ کشمیر میں بی جے پی کے صدر ست شرما نے فاروق عبداللہ سے مطالبہ کیا کہ وہ بھارتی عوام سے معافی مانگیں، یہ بیانات ناقابل قبول ہیں، اگر انہیں پاکستان سے اتنی ہی گہری محبت ہے تو انہیں پاکستان جا کر وہاں آباد ہو جانا چاہیے۔

بقیہ نمبر 21

سید عدنان شاہ کاظمی، پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما چوہدری یوسف اور دیگر شرکاء نے گروپ فوٹو بنوایا۔ کارنر میٹنگ کا مقصد بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے سیاسی سرگرمیوں اور تنظیمی معاملات پر تبادلہ خیال کرنا تھا۔ اس موقع پر پیپلز یوتھ آرگنائزیشن کی تنظیمی سرگرمیوں اور نوجوان کارکنوں کی سیاسی عمل میں شرکت کی اہمیت بھی زیر بحث آنے والے اہم موضوعات میں شامل رہی، تاہم میٹنگ میں ہونے والی تقاریر اور گفتگو کی تفصیلات فراہم نہیں کی گئیں۔ پاکستان پیپلز پارٹی کی ذیلی تنظیم پیپلز یوتھ آرگنائزیشن نوجوانوں کو سیاسی سرگرمیوں میں شامل کرنے اور انہیں تنظیمی سطح پر متحرک رکھنے کے لیے کام کرتی ہے۔ بلدیاتی انتخابات کے تناظر میں نوجوان کارکنوں کی شمولیت کو مقامی سطح پر عوامی رابطوں اور سیاسی سرگرمیوں کا ایک اہم حصہ سمجھا جاتا ہے۔ اسلام آباد میں بلدیاتی نظام شہری مسائل کے حل، صفائی ستھرائی، پانی کی فراہمی، گلیوں اور سڑکوں کی بہتری اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے اہمیت رکھتا ہے۔ بلدیاتی نمائندے مقامی آبادی کے مسائل متعلقہ اداروں تک پہنچانے اور ان کے حل کے لیے کردار ادا کرتے ہیں۔ سیاسی جماعتوں کی جانب سے بلدیاتی انتخابات کے موقع پر تنظیمی رابطوں اور عوامی سطح پر سیاسی سرگرمیوں کو اہمیت دی جاتی ہے۔ اس تناظر میں کارنر میٹنگز کارکنوں کو یکجا کرنے، مقامی امور پر گفتگو اور انتخابی تیاریوں کے حوالے سے رابطے کا ذریعہ بنتی ہیں

بقیہ نمبر 22

لینا اور عوام کو درپیش مشکلات کا قریب سے مشاہدہ کرنا تھا دورے کے دوران اٹارنی جنرل نے ہسپتال کے مختلف اہم شعبہ جات بشمول ایمرجنسی وارڈ، بلڈ بینک، لیبارٹری، ایکسرے روم اور پوسٹ مارٹم ہاؤس کا تفصیلی دورہ کیا

بقیہ نمبر 23

کے مطابق اڈیالہ روڈ کے گلی محلوں میں اسٹریٹ لائٹس کی عدم موجودگی نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی، اندھیری گلیاں جرائم پیشہ عناصر کے لیے محفوظ ٹھکانے بننے لگیں، چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں کے خدشات اور شہریوں میں عدم تحفظ کے احساس نے تشویش کی لہر دوڑا دی۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ رات کے وقت گلیوں میں چھایا گھپ اندھیرا نہ صرف آمد و رفت میں مشکلات پیدا کرتا ہے بلکہ جرائم پیشہ عناصر کو بھی وارداتوں کے لیے سازگار ماحول فراہم کرتا ہے۔ شہریوں نے متعلقہ حکام کی توجہ اس سنگین مسئلے کی جانب مبذول کراتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ تمام گلیوں اور محلوں میں فوری طور پر اسٹریٹ لائٹس نصب کر کے انہیں فعال بنایا جائے، جبکہ پولیس رات کے اوقات میں گشت بڑھائے اور مشکوک افراد پر کڑی نظر رکھے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ عوام کی جان و مال کا تحفظ پولیس اور متعلقہ اداروں کی بنیادی ذمہ داری ہے، اس لیے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر کارروائی ناگزیر ہے۔ عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ انتظامیہ اور پولیس خوابِ غفلت سے بیدار ہوں، اندھیری گلیوں کو روشنیوں سے منور کیا جائے اور چوروں و ڈاکوؤں کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے، تاکہ شہری خوف و ہراس کے بجائے امن و سکون کے ساتھ زندگی گزار سکیں

بقیہ نمبر 24

سوار تھے جن میں سے 5 افراد کو بحفاظت نکال لیا گیا ہے لیکن عامر دیوان تاحال لاپتہ ہیں۔ ریسکیو حکام کے مطابق ڈھولک نواز عامر دیوان کی تلاش کے لیے آپریشن جاری ہے، حادثے کا شکار 5 افراد معمولی زخمی ہیں جنہیں سول اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ ریسکیو حکام کے مطابق پروگرام کے بعد عامر دیوان کو گھر چھوڑنے جا رہے تھے کہ حادثہ پیش آ گیا۔

بقیہ نمبر 25

ملزم کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق متاثرہ لڑکے کا میڈیکل پراسیس مکمل کروایا جا رہا ہے۔ ایس پی راول کا کہنا تھا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے عدالت میں پیش کیا جائے گا

بقیہ نمبر 26

شرکت کی باضابطہ دعوت دی، جسے حافظ محمد بشارت نے خوش دلی سے قبول کرتے ہوئے اپنے تمام دوست احباب کے ہمراہ شرکت کی یقین دہانی کرائی۔ حافظ محمد بشارت نے جمعیت اساتذہ کی جانب سے اساتذہ کے مسائل کے حل، تعلیمی معیار کی بہتری اور اساتذہ کے حقوق کے تحفظ کے لیے کی جانے والی کاوشوں کو سراہتے ہوئے جمعیت اساتذہ کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ یہ ملاقات تعلیمی حلقوں کے مابین باہمی تعاون، روابط کے فروغ اور اساتذہ و تعلیمی اداروں کو درپیش مسائل کے حل کی جانب ایک مثبت پیش رفت ہے۔

بقیہ نمبر 27

ممالک میں پاکستان نے دوسری پوزیشن حاصل کر لی۔ انفرادی مقابلے میں کیپٹن طلحہ نے 100 سے زائد عالمی پائلٹس کے مقابلے میں دوسری پوزیشن حاصل کر کے چاندی کا تمغہ جیت لیا۔ میزبان ملک ترکیہ نے پہلی، پاکستان نے دوسری اور اٹلی نے تیسری پوزیشن حاصل کی، جبکہ فرانس چوتھے نمبر پر رہا۔ انٹرنیشنل ملٹری ڈرون مقابلے میں پائلٹس کی مہارت، رفتار اور رکاوٹوں والے ٹریک پر پرواز کی صلاحیت کا جائزہ لیا گیا۔ عالمی سطح پر حاصل کی جانے والی یہ کامیابیاں پاک فوج کی پیشہ ورانہ مہارت اور جدید دفاعی ٹیکنالوجی کے میدان میں صلاحیتوں کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔

بقیہ نمبر 28

، جس میں عسکری، سیاسی، سماجی اور تعلیمی حلقوں سے تعلق رکھنے والی ممتاز شخصیات سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی کے معززین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب میں 102 انجینئر بریگیڈ سے بریگیڈیئر ناظم منیر، کرنل بابر، میجر اقبال بھٹی، کیپٹن پرویز، کیپٹن ربانی، تحسین الحق اور صوبیدار رئیس سمیت دیگر عسکری شخصیات شریک ہوئیں۔ NUST یونیورسٹی سے کرنل قیصر مصطفیٰ، پاکستان کی قومی والی بال ٹیم کے سابق کپتان اور سیف گیمز کے گولڈ میڈلسٹ صدیق نے بھی تقریب میں شرکت کی۔ سیاسی شخصیات میں ممبر صوبائی اسمبلی حلقہ پی پی 7 راجہ صغیر احمد، حلقہ این اے 51 و پی پی 7 کے کوآرڈینیٹر یاسر نعمان، حبیب ظہور، زرین شاہ اور عاطف شاہ سمیت دیگر معززین شامل تھے تقریب میں صوبیدار میجر ظفر اللہ، صوبیدار حبیب اللہ، صوبیدار شوکت، وقار کیانی، وحید کیانی، اشفاق عباسی، افتخار ستی، لیفٹیننٹ کمانڈر حماد، مظفر ستی، رازق عباسی، حاجی رشید، واجد عباسی، افتخار عباسی، عزیز احمد، مشتاق عباسی، شاہد ستی، جمیل ستی، منیر ستی، وقاص ستی، خالد ستی، امجد ستی، نوید عباسی، حماد عباسی اور دیگر شخصیات نے بھی شرکت کی۔ چیئرمین کوہسار ویلفیئر کمیٹی پنجاڑ مطلوب عباسی سمیت علاقے کی دیگر سیاسی و سماجی شخصیات بھی تقریب میں موجود تھیں۔ اس موقع پر شرکاء نے صوبیدار ذوالفقار عباسی اور ان کے اہلِ خانہ کو مبارکباد پیش کی اور نئے شادی شدہ جوڑے کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ تقریب خوشگوار ماحول، باہمی محبت، احترام اور خیر سگالی کی خوبصورت مثال رہی، جبکہ اہلِ خانہ نے تمام مہمانوں کی آمد اور شرکت پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ اللہ تعالیٰ نئے شادی شدہ جوڑے کو خوشیوں، محبت اور برکتوں بھری زندگی عطا فرمائے۔ آمین

بقیہ نمبر 29

دو وقت کی روٹی کا حصول بھی انتہائی دشوار اور ناممکن ہوتا جا رہا ہے۔ اپنے ایک اہم اخباری بیان میں راجہ ساجد محمود عباسی نے کہا کہ آٹا اور گندم بنیادی انسانی ضروریات میں شامل ہیں، لیکن اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے دہاڑی دار اور محنت کش طبقے کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مزدور اور غریب عوام پہلے ہی معاشی مشکلات کا شکار ہیں، ایسے میں بنیادی غذائی اجناس کا مہنگا ہونا ان کے لیے شدید ذہنی و معاشی کرب کا باعث بن رہا ہے۔ مسلم لیگ (ن) لیبر ونگ کے رہنما نے اربابِ اختیار سے مطالبہ کیا کہ گندم اور آٹے کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے کے لیے فوری اور ہنگامی اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے زور دیا کہ ذخیرہ اندوزوں اور گرانفروشوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے

بقیہ نمبر 30

دوران 6 خوارج ہلاک ہو گئے۔ آئی ایس پی آر نے بتایا کہ کارروائی میں فائرنگ کے تبادلے کے دوران پاک فوج کے دو ہلکار پنجاب کے ضلع گجرات سے تعلق رکھنے والے 36 سالہ نائیک غلام مرتضیٰ اور ضلع حلہ گنگ سے تعلق رکھنے والے 30 سالہ سپاہی تاثیر نے بہادری سے لڑتے ہوئے شہادت پائی۔ آئی ایس پی آر کا کہنا تھا کہ ہلاک دہشت گردوں کے زیر قبضہ اسلحہ اور بارود برآمد کر لیا گیا ہے اور ہلاک دہشت گرد علاقے میں سیکیورٹی فورسز، قانون نافذ کرنے والے اداروں کے خلاف دہشت گردی کی کارروائیوں اور بے گناہ شہریوں کے قتل کی وارداتوں میں سرگرم تھے۔ آئی ایس پی آر نے بتایا کہ علاقے میں مزید خوارج کی موجودگی کو ختم کرنے کے لیے سیکیورٹی فورسز کا آپریشن جاری ہے اور سیکیورٹی فورسز ملک میں دہشت گردی کے ناسور کے خاتمے کے لیے عزم استحکام کے تحت کارروائی جاری رکھیں گی۔ وزیراعظم آفس سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے ڈیرہ اسماعیل خان کے علاقے زرکانی میں سیکیورٹی فورسز کے کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم 6 خوارج کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین اور آپریشن کے دوران بہادری سے لڑتے ہوئے جام شہادت نوش کرنے والے نائیک غلام مرتضیٰ اور سپاہی تاثیر احمد کو خراج عقیدت پیش کیا۔ وزیراعظم نے شہدا نائیک غلام مرتضیٰ اور سپاہی تاثیر احمد کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے وطن عزیز کے دفاع اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے سیکیورٹی فورسز کے جوانوں کی بے مثال قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ ہمارے بہادر جوانوں کی قربانیاں دہشت گردی کے خلاف پاکستان کے غیر متزلزل عزم کی روشن مثال ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم اپنے بہادر جوانوں کی قربانیوں کو سلام پیش کرتی ہے، شہدا کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، وزیراعظم نے آپریشن عزم استحکام کے تحت ملک میں ہونے والی دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے عزم کا اعادہ کیا۔ وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے بھی ڈیرہ اسماعیل خان میں بھارتی اسپانسرڈ دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کی ستائش کی اور کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کر کے 6 دہشت گردوں کو جہنم رسید کیا۔ وفاقی وزیرداخلہ نے بہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے جام شہادت نوش کرنے والے نائیک غلام مرتضیٰ اور سپاہی تاثیر احمد کو خراج عقیدت پیش کیا اور لواحقین سے دلی ہمدردی و اظہار تعزیت کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ نائیک غلام مرتضیٰ اور سپاہی تاثیر احمد نے جان دے کر دشمن کے عزائم کو ناکام بنایا، شہدا ہمارا مان اور فخر ہیں، سیکیورٹی فورسز کے بہادر سپوتوں کو سلام پیش کرتا ہوں، قوم کو سیکیورٹی فورسز کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں اور جرات پر فخر ہے

بقیہ نمبر 31

نے ان سے ٹیلی فونک رابطہ کر کے مجوزہ ملاقات کے بارے میں آگاہ کیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پٹرولیم لیوی کے معاملے پر حکومتی کمیٹی کے ارکان نے وزیراعظم شہباز شریف کو گزشتہ دنوں جماعت اسلامی اور حکومتی کمیٹیوں کے درمیان اسلام آباد، لاہور میں ہونے والے مذاکرات سے آگاہ کر دیا ہے۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ امیر جماعت اسلامی وزیراعظم سے پٹرولیم لیوی کے خاتمے کے ایجنڈے پر ملاقات کریں گے۔ انہوں نے واضح کیا کہ جماعت اسلامی پٹرولیم لیوی کا مکمل خاتمہ چاہتی ہے۔ جماعت اسلامی نے لیوی کے خاتمہ کے خلاف احتجاجی تحریک کے تیسرے مرحلے کا آغاز کر دیا ہے، حکومت نے عوام کو ریلیف نہ دیا تو اسلام آباد کی جانب لانگ مارچ ہوگا

بقیہ نمبر 32

کے نقصان پر حاصل کر لیا پاکستان نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا جس کے بعد انگلینڈ کی ٹیم 4.46 اوورز میں 241 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی بین ڈکٹ نے 111 گیندوں پر 105 رنز کی عمدہ اننگز کھیلی جس میں 10 چوکے اور 2 چھکے شامل تھے

بقیہ نمبر 33

نتیجے میں تمام 7 افراد جاں بحق ہو گئے۔ ریسکیو حکام نے بھی حادثے میں 7 افراد کی موت کی تصدیق کر دی ہے۔ ریسکیو حکام کے مطابق گھاس سے لدی جیپ پر 2 بچوں سمیت 7 افراد سوار تھے۔ دشوار گزار راستے پر ڈرائیور جیپ پر قابو نہیں رکھ سکا، جس کے باعث گاڑی گہری کھائی میں جا گری۔ حکام کے مطابق ریسکیو ٹیموں کو جائے حادثہ تک پہنچنے میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ بعد ازاں حکام نے ڈرائیور عبدالوحید سمیت تمام 7 افراد کی موت کی تصدیق کر دی۔ جیپ شکر پٹیاں سے سیری درہ جا رہی تھی۔

بقیہ نمبر 34

بھڑک اٹھی جس کے نتیجے میں 7 افراد جھلس کر جان سے گئے، گاڑی میں بچے، بزرگ اور خواتین سمیت ایک ہی خاندان کے 14 افراد سوار تھے۔ متاثرہ خاندان کے دیگر 7 افراد جھلسنے کے باعث زخمی ہیں۔ فیملی شادی کی تقریب سے واپس آ رہی تھی۔ یاد رہے کہ جون 2026 میں مری ایکسپریس وے پر سیاحوں کی ایک وین میں آگ لگنے کے نتیجے میں 10 افراد جھلس کر جاں بحق ہو گئے تھے۔ حادثہ مری ایکسپریس وے پر کھبوٹ کے قریب پیش آیا تھا جس میں 8 افراد زخمی بھی ہوئے تھے۔

بقیہ نمبر 35

کمال خان اور قطر کے وزیر مملکت برائے امورِ خارجہ تجارت ڈاکٹر احمد بن محمد السید نے کی۔ اجلاس میں پاکستان اور قطر کے درمیان اقتصادی تعاون میں پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اپریل 2026 میں ہونے والے پہلے اجلاس کے بعد دوطرفہ تعاون میں پیش رفت پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں پاکستان نے پاک خلیج تعاون کونسل آزاد تجارتی معاہدے پر جلد دستخط کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ پاکستانی حکام نے بتایا کہ معاہدے کی داخلی منظوری کا عمل مکمل ہو چکا ہے، جبکہ حتمی کارروائی جلد مکمل کرنے کے لیے قطر سے تعاون کی درخواست کی گئی۔ پاکستان نے قطر سے ہڈی والے گوشت کی برآمد پر عائد پابندی جلد ختم کرنے کا مطالبہ بھی کیا۔ پاکستانی حکام کے مطابق گوشت کی برآمدات سے متعلق جانوروں کی صحت اور فوڈ سیفٹی کی جامع تکنیکی دستاویزات قطر کو فراہم کر دی گئی ہیں۔

بقیہ نمبر 36

خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ تقریب میں غیر ملکی مہمان بھی موجود ہیں جن کا خیر مقدم کرتے ہیں جو نوجوانوں کو بااختیار بنانے کی اس تقریب میں شریک ہوئے۔ وزیراعظم نے کہا کہ جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہو کر یہ طلبا و طالبات پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ قوم کے نوجوانوں کو بااختیار بنانے کیلئے جس قدر وسائل درکار ہوئے، وہ فراہم کریں گے، تعلیم ایک ایسی دولت ہے جسے چوری نہیں کیا جا سکتا، تعلیم انسان کو معاشرے میں ممتاز بناتی ہے، دو سال میں پانچ لاکھ طالب علموں تک یہ کروم بکس پہنچائیں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ صرف اور صرف قابلیت اور محنت کی بنیاد پر تعلیمی اداروں اور مدارس کے طلباء و طالبات میں یہ کروم بکس تقسیم کی جا رہی ہیں، اس کے ساتھ ساتھ انہیں کروم بکس اور کتابوں کیلئے بیگ اور انٹرنیٹ مائی فائی بھی دیا جا رہا ہے تاکہ گھر کے اندر بیٹھ کر بھی وہ ای لائبریری سے استفادہ حاصل کر سکیں اور دنیا سے جہاں چاہیں علم کے حصول کیلئے اس کروم بک کے ذریعے مستفید ہو سکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ توقع ہے کہ ان جدید آلات کی مدد سے یہ طالب علم ممتاز اور قابل ترین افراد میں شمار ہوں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ماضی میں مسلم لیگ ن کے دور حکومت میں نواز شریف کی قیادت میں گلگت بلتستان، آزاد کشمیر سمیت ملک بھر کے چھ لاکھ نوجوانوں کو قابلیت اور میرٹ کی بنیاد لیپ ٹاپ دیئے گئے۔ انہوں نے مزید کہا کہ صرف قابلیت کی بنیاد پر طالب علموں کو کروم بکس تقسیم کی جا رہی ہیں تاکہ آپ دنیا میں چاہے کہیں بھی ہوں، آپ ریموٹلی بھی علم حاصل کرنے کا سلسلہ جاری رکھ سکیں، آپ کسی سے پیچھے نہ ہوں، طلبا کو بااختیار بنانے کا آغاز کر رہے ہیں۔ اس تقریب کے حوالے سے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے ایک بیان میں وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے بتایا تھا کہ تقریب میں ملک بھر سے نوجوان لڑکے اور لڑکیاں بڑی تعداد میں شرکت کر رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 37

۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنی اہلیہ میلانیا ٹرمپ کے ہمراہ ویسٹ پام بیچ میں قائم انتخابی دفتر میں اپنا ووٹ کاسٹ کیا۔ ووٹ ڈالنے کے بعد انہوں نے بتایا کہ انہوں نے اپنی جماعت کے امیدواروں کو ووٹ دیا ہے۔ اس کے بعد وہ ریاست جارجیا میں انتخابی ریلی سے خطاب کے لیے روانہ ہو گئے۔ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے ٹرمپ نے امریکا میں بدعنوانی کے معاملے پر ڈیموکریٹس کو تنقید کا نشانہ بنایا اور دعویٰ کیا کہ کرپشن کا اصل مسئلہ ڈیموکریٹس کے زیر انتظام شہروں اور اضلاع میں ہے۔ اس موقع پر انہوں نے 2020 کے صدارتی انتخابات سے متعلق اپنے پرانے دعوے بھی دہرائے اور ایک بار پھر کہا کہ وہ انتخابات جیتے تھے، تاہم ان کے اس دعوے کی تائید میں کوئی معتبر ثبوت سامنے نہیں آیا۔ واضح رہے کہ 2020 کے انتخابات میں ڈیموکریٹ امیدوار جو بائیڈن کامیاب ہوئے تھے

بقیہ نمبر 38

چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف نے دستخط کیے۔ معاہدے کے تحت سعودی عرب کے سرمایہ کار اسلام آباد میں تھیم پارک کے منصوبے میں سرمایہ کاری کریں گے جبکہ کیپیٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) منصوبے کے لیے اراضی فراہم کرے گی۔ محسن نقوی نے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کا خیرمقدم کرتے ہوئے شہزادہ منصور بن محمد السعود کو مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا کہ تھیم پارک منصوبے کے حوالے سے سعودی عرب سے آنے والے معزز مہمانوں کا دل کی اتھاہ گہرائیوں سے خیرمقدم کرتے ہیں۔ اسلام آباد کے انفراسٹرکچر کو جدید ترین شہروں کی طرز پر استوار کیا جا رہا ہے اور سعودی سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولتیں فراہم کی جائیں گی۔ وفاقی وزیرداخلہ نے کہا کہ تھیم پارک ایک گیم چینجر منصوبہ ثابت ہوگا۔ آئندہ چند ماہ میں سعودی عرب میں رئیل اسٹیٹ کے حوالے سے روڈ شو منعقد کرنے کا بھی منصوبہ ہے۔ اس موقع پر شہزادہ منصور بن محمد السعود نے کہا کہ پاکستان خصوصاً اسلام آباد میں سرمایہ کاری کے بہترین مواقع موجود ہیں۔ تقریب میں سی ڈی اے کے ممبران اور سعودی وفد کے اراکین بھی موجود تھے

بقیہ نمبر 39

تعاون کے بغیر صوبہ نہیں چل سکتا، صوبے کو درپیش مسائل کا حل وفاق کے ساتھ مل کر ہی ممکن ہے۔ صوابی میں اجتماع میں شرکت کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ وفاق اور دیگر صوبوں کے ساتھ خوشگوار اور برادرانہ تعلقات کا فروغ ان کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ چھ ماہ کا عرصہ بہت ہوتا ہے، سب کو مل کر دہشت گردی کے خلاف جنگ لڑنی ہے اور اس چیلنج سے نمٹنے کے لیے مشترکہ کوششیں کرنا ہوں گی۔ گورنر نے کہا کہ تجاوزات کے خلاف بلاامتیاز اور قانون کے مطابق کارروائی ہونی چاہیے۔ قانون کا اطلاق سب سے پہلے خود پر لاگو کروں گا۔ انہوں نے کہا کہ میڈیا کو تنقید برائے اصلاح کا مکمل حق حاصل ہے، مثبت تنقید سے اداروں کی کارکردگی بہتر بنانے میں مدد ملتی ہے۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ تعلیم اور صحت کے شعبوں میں انقلاب لانا ہوگا، جبکہ اداروں میں حقیقی بہتری اور عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے انقلابی اقدامات ناگزیر ہیں۔

بقیہ نمبر 40

وزیر عظمیٰ بٹ کے ہمراہ مولانا فضل الرحمان کے بیان اور خیبر پختونخوا کی صورتحال پر پریس کانفرنس کرتے ہوئے رانا سکندر حیات کا کہنا تھا کہ مولانا کے شہداء سے متعلق بیان کی مذمت کرتے ہیں، شہداء کی بے حرمتی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ مولانا فضل الرحمان نے خیبر پختونخوا کے عوام کے لیے کیا کیا اور صوبے کے عوام کی حفاظت کے لیے کس نے قربانیاں دیں۔ وزیر تعلیم پنجاب کا کہنا تھا کہ مولانا فضل الرحمان کو آج اقتدار میں حصہ نہ ملنے پر شہداء کے خلاف بات نہیں کرنی چاہیے، خیبر پختونخوا کے عوام پوچھ رہے ہیں کہ ان کے لیے کیا اقدامات کیے گئے

بقیہ نمبر 41

میں اتحادی فورسز کے درمیان جاری جھڑپوں میں شدت آ گئی ہے، تازہ حملوں میں حوثیوں نے سعودی عرب کی تیل تنصیبات، ہوائی اڈوں اور فوجی اڈوں کو نشانہ بنانے کا دعویٰ کیا ہے جبکہ سعودی قیادت میں اتحادی فورسز نے 2 بیلسٹک میزائل تباہ کرنے کی تصدیق کی ہے۔

بقیہ نمبر 42

کے قریب پولیس ٹیم پر فائرنگ کے واقعے میں زیر حراست دو ملزمان عبداللہ اور ملیے خان ہلاک ہو گئے جبکہ فائرنگ کرنے والے چار مسلح ساتھی فرار ہو گئے۔ ترجمان اسلام آباد پولیس کے مطابق پولیس ٹیم زیر حراست ملزمان کی نشاندہی پر مزید ساتھیوں کی گرفتاری اور برآمدگی کے لیے راول ٹاؤن کے قریب واقع ایک کباڑ خانے گئی تھی جہاں جنگل میں چھپے چار مسلح ملزمان نے زیر حراست ساتھیوں کو چھڑوانے کے لیے پولیس ٹیم پر اندھا دھند فائرنگ شروع کر دی۔ فائرنگ کے دوران زیر حراست ملزمان عبداللہ اور ملیے خان اپنے ہی ساتھیوں کی گولیوں سے زخمی ہو گئے جبکہ پولیس ٹیم بلٹ پروف جیکٹس اور حفاظتی اقدامات کے باعث محفوظ رہی۔ زخمی ملزمان کو طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کیا گیا تاہم وہ جانبر نہ ہو سکے۔ پولیس کے مطابق ہلاک ہونے والے دونوں ملزمان افغان شہری تھے اور تھانہ سیکریٹریٹ کی حدود میں ایک خاتون سے موبائل فون چھیننے اور زیادتی کی کوشش کے دوران اسے زخمی کرنے کے مقدمے میں گرفتار اور جسمانی ریمانڈ پر تھے۔ ترجمان اسلام آباد پولیس کے مطابق فرار ہونے والے ملزمان اندھیرے کا فائدہ اٹھا کر موقع سے نکل گئے جن کی گرفتاری کے لیے سرچ آپریشن جاری ہے

بقیہ نمبر 43

دوسری اور تیسری پوزیشنیں حاصل کیں۔ منتظمین کی جانب سے جاری کردہ فہرست کے مطابق مقابلوں میں مختلف تعلیمی اداروں کے طلبہ نے حصہ لیا۔ حسنِ قرأت کے مقابلے میں ایمان خان، ابراہیم ملک، طلحہ اور محمد داؤد نمایاں رہے، جبکہ دیگر مقابلوں میں بھی طلبہ و طالبات نے اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا۔ تقریری مقابلوں میں بشریٰ بی بی، حسان شاہ اور حمزہ عابد کے نام درج ہیں۔ نعت خوانی کے مقابلوں میں محمد ملک، حسان رضا اور مجتبیٰ احمد سمیت دیگر طلبہ نے پوزیشنیں حاصل کیں۔ طالبات کے مقابلوں میں عائشہ منیر، بشرت اور دانیال عباسی نمایاں رہے۔ پرائیویٹ سکولز نیٹ ورک کے تحت منعقد ہونے والی ایسی سرگرمیوں کا مقصد طلبہ و طالبات میں خود اعتمادی، تقریر و خطابت کی صلاحیت، قرآن پاک کی تلاوت سے محبت اور نعت خوانی کے ذوق کو فروغ دینا ہے۔ تعلیمی سرگرمیوں کے ساتھ ہم نصابی مقابلے بچوں کی شخصیت سازی اور صلاحیتوں کو نکھارنے میں اہم کردار ادا کرتے ہی

بقیہ نمبر 44

کے بعد سیچر کی شب مختلف شہروں میں مظاہرین اور پولیس کے درمیان جھڑپیں ہوئیں، جن کے نتیجے میں سیکڑوں افراد کو گرفتار کر لیا گیا۔

بقیہ نمبر 45

ہلاک ہو گئے۔ نائیجیریا کے شمال مغربی علاقوں خصوصاً زمفارا، کاتسینا، کدونا اور سوکوٹو میں مسلح جرائم پیشہ گروہ، جنہیں مقامی طور پر بینڈٹس یعنی ڈاکو کہا جاتا ہے

بقیہ نمبر 46

رپورٹ میں نئے حملوں کے امکانات کی نشاندہی کر دی۔ بلومبرگ کے مطابق مشرق وسطیٰ میں جنگ کے دوبارہ شدت اختیار کرنے کے خدشات بڑھ رہے ہیں اور امریکی فوجی تیاریوں کو بھی اسی تناظر میں دیکھا جا رہا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ٹرمپ انتظامیہ ایران کے خلاف مزید حملوں کے امکانات پر غور کر رہی ہے تاہم کارروائی کے حتمی وقت اور فیصلے کی تصدیق نہیں کی گئی

بقیہ نمبر 47

کنارے کے شہر الخلیل میں اسرائیلی فوج کی کارروائیوں میں شدت آ گئی ہے۔ فلسطینی سرکاری خبر رساں ایجنسی وفا کے مطابق اسرائیلی فورسز نے متعدد فلسطینی خاندانوں کو ان کے گھروں سے زبردستی نکال کر ان مکانات کو فوجی بیرکوں اور نگرانی کی چوکیوں میں تبدیل کر دیا۔

بقیہ نمبر 48

افغان عوام کی تاریخی و ثقافتی شناخت اور تنوع کیلیے سنگین خطرہ بن گئی ہیں۔ ثقافتی حقوق انسانی حقوق کا بنیادی حصہ ہیں، طالبان رجیم کو افغان معاشرے پر اپنا مخصوص نظریہ مسلط کرنے کا حق نہیں

بقیہ نمبر 49

نرخوں پر عملدرآمد نہ ہونے کے باعث مہنگائی کی چکی میں پسی عوام کے لیے اب گھر کا چولہا جلانا بھی ناممکن ہو گیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ اشیائے خورد و نوش کی قیمتیں پہلے ہی قوتِ خرید سے باہر ہیں، رہی سہی کسر گیس کے بحران میں ایل پی جی مافیا کی من مانیوں نے پوری کر دی ہے، جس سے سب سے زیادہ غریب، مزدور اور متوسط طبقہ بری طرح متاثر ہو رہا ہے۔ عوامی حلقوں نے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس اور متعلقہ اداروں کی کارکردگی پر شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے الزام عائد کیا ہے کہ انتظامیہ کی کارروائیاں زمینی حقائق کے بجائے صرف سوشل میڈیا پر تشہیری تصاویر اور کاغذی کارروائیوں تک محدود ہیں

بقیہ نمبر 50

کی ڈیڑھ سو سالہ سالگرہ کی مناسبت سے منعقدہ لیکچر سیریز قائداعظم محمد علی جناح سے خطاب کر رہے تھے۔ تقریب کا اہتمام قونصلیٹ جنرل نے قائد کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے کیا تھا، جس میں پاکستان انٹرنیشنل اسکولز کے طلباء و طالبات نے بڑی تعداد میں شرکت کی تقریب کی صدارت قونصل جنرل سید مصطفیٰ ربانی نے کی چوہدری شہباز حسین نے کہا کہ ہمیں اپنی نئی نسل کو بتانا ہوگا کہ پاکستان محض زمین کا ٹکڑا نہیں بلکہ لاکھوں قربانیوں اور ایک عظیم خواب کی تعبیر ہے۔ قائد نے ہمیں ایمان اتحاد اور نظم و ضبط کا درس دیا اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ ذرا تصور کیجیے آج پاکستان کی آبادی 25 کروڑ سے تجاوز کر چکی ہے، ہزاروں ٹی وی چینلز، کروڑوں موبائل فونز اور سوشل میڈیا کی طاقت موجود ہے اس کے باوجود مینار پاکستان کے میدان کو بھرنا بڑی سیاسی جماعتوں کے لیے چیلنج بن جاتا ہے لیکن 23 مارچ 1940 کو جب نہ ٹیلی ویژن تھا، نہ موبائل، نہ انٹرنیٹ، برصغیر کے کونے کونے سے ہزاروں لوگ منٹو پارک لاہور میں کیسے جمع ہو گئے تھے؟ انہوں نے کہا کہ وہ طاقت کرسی نہیں، کردار تھا یہ تاریخی حقیقت ہے کہ 1940 میں آل انڈیا مسلم لیگ پنجاب میں برسراقتدار نہیں تھی، وہاں یونینسٹ پارٹی کی حکومت تھی صوبہ سرحد میں بھی مسلم لیگ کی حکومت نہیں تھی اور بلوچستان اس وقت باقاعدہ صوبہ بھی نہیں تھا۔ قائداعظم کے پاس نہ حکومتی مشینری تھی، نہ سرکاری وسائل اگر کچھ تھا تو کردار کی سچائی، دلیل کی قوت اور قوم کا اندھا اعتماد تھا یہ اجتماع کسی سرکاری حکم کا نہیں، بلکہ آزاد وطن کے خواب سے محبت کا اظہار تھا انہوں نے کہا کہ اُس دور میں سفر ایک آزمائش تھا سڑکیں ناپید سواریاں خال خال تھیں، جہلم سے لاہور اور عارف والا تک کا سفر دنوں میں طے ہوتا تھا کوئی ریل میں، کوئی بس کی چھت پر، کوئی تانگے پر اور کوئی پیدل آتا تھا، سہولتیں کم تھیں مگر دلوں میں آزادی کی تڑپ بے پناہ تھی ان کا کہنا تھا کہ آج ایک واٹس ایپ پیغام لمحوں میں لاکھوں تک پہنچ جاتا ہے مگر اُس وقت خط، اخبار اور تار ہی ذریعہ تھے، پھر بھی تحریک پاکستان کا پیغام شہر سے قصبے اور گاؤں گاؤں تک پہنچا کیونکہ بات سچی تھی اور قائد سچا تھا قائداعظم کی صحت کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ قائداعظم اپنی بگڑتی صحت سے باخبر تھے، جسم کمزور تھا مگر ارادہ چٹان سے زیادہ مضبوط تھا، انہوں نے اپنی بیماری کو منزل کی راہ میں رکاوٹ نہیں بننے دیا اور اپنی زندگی، آرام اور صحت قوم پر قربان کر دی، یہی اصل قیادت ہے آخر میں انہوں نے کہا کہ مینار پاکستان ہماری تاریخ کی یادگار ضرور ہے، لیکن وہاں جمع ہونے والے لوگ صرف جلسہ کرنے نہیں آئے تھے، وہ اپنے بچوں کے روشن مستقبل اور نسلوں کی آزادی کا خواب لے کر آئے تھے، قائد کی اصل یادگار مینار پاکستان نہیں بلکہ وہ پاکستان ہے جو انہوں نے ہمیں دیا، اور اس پاکستان کو مضبوط، خوشحال، تعلیم یافتہ اور باوقار بنانا ہی قائداعظم کو ہمارا حقیقی سلام ہوگا اور یہی پیغام نئی نسل لیکر آگے بڑھے اور قائد کے افکار" ایمان، اتحاد اور تنظیم پر عمل کرتے ہوئے پاکستان کو ناقابل تسخیر بنائیں، انہوں نے آخر میں قونصل جنرل مصطفیٰ ربانی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ نئی نسل کو اسطرح کی لیکچر سیریز منعقد کرتے رہنا چاہیے تاکہ قائد کا پیغام اور پُرامن جدوجہد نئی نسل تک منعقد ہو، اس موقع پر قونصل جنرل کو خصوصی شیلڈ پیش کی

بقیہ نمبر 51

یکجہتی کونسل کے سیکرٹری جنرل لیاقت بلوچ نے اجلاس کے اختتام پر اتفاق رائے کے نکات پر مشتمل مشترکہ اعلامیہ جاری کیا۔ اجلاس نے برادر اسلامی، بااعتماد دوست ملک سعودی عرب کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اعلان کرتے کہا کہ حرمین شریفین کی حفاظت تمام اہل ایمان کا دینی فرض ہے اور کوئی بھی شعائر اسلام پر حملہ آور ہوا تو اس کا اسلام اور ملت اسلامیہ سے کوئی تعلق نہیں۔ اجلاس نے سعودی عرب، پاکستان، ترکی مکہ دفاعی معاہدہ کا خیر مقدم کیا اور کہا کہ ہمارا اس وقت بھی یہی موقف تھا کہ اس معاہدہ میں وسعت دے کر ایران اور مصر کو بھی شامل کیا جائے۔ اجلاس کے شرکا نے سعودی عرب اور یمن کے درمیان بڑھتی کشیدگی اور جنگ کی صورت حال پر انتہائی تشویش کا اظہار کیا، حرمین شریفین اور سعودی عرب پر بیرونی حملہ قابل قبول نہیں ہو سکتا، یمن کے انصار الاسلام کی جانب سے حرمین شریفین پر حملہ کی تردید کی گئی ہے۔ اب یہ ناگزیر ہے کہ پاکستان، ترکی اور ایران، سعودی اور یمن کے درمیان سفارتی کوششوں سے حالات کو معمول پر لائیں۔ جامعۃ الازہر کے شیخ ڈاکٹر احمد ثانی اور عالم اسلام کے علما کے کردار کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے اکابر علما پر مشتمل وفد کے لیے ملی یکجہتی کونسل کردار ادا کرے گی۔ اجلاس میں پاکستان، افغانستان تعلقات کی کشیدگی، بارڈرز کی بندش پر تشویش کا اظہار کیا گیا۔ افغانستان کی سرزمین سے پاکستان کے خلاف دہشت گردی کی سرپرستی، ملت اسلامیہ سے جڑنے کی بجائے انڈیا کی قربت افغان قیادت کا فیصلہ درست نہیں، یہ عمل خطہ میں فساد کا ذریعہ بن گیا ہے۔ تعلقات کی بہتری کے لیے افغان حکومت دہشت گرد نرسریوں کا خاتمہ کرے، تعلقات کی بہتری کے لیے افغانستان واضح مثبت اقدام کرے۔ اس مرحلہ پر پاک افغان تعلقات کو معمول پر لانے کے لیے چین، ترکی، قطر سفارتی کوششوں کا از سر نو آغاز کریں۔ خطہ میں امن استحکام کے لیے پاکستان، ایران، چین اور افغانستان کا ایک پیج پر ہونا ناگزیر ہے۔ پاکستان اسلامی نظریاتی مملکت ہے، وطن عزیز کی وحدت، یکجہتی، ہم آہنگی کا نظام صرف اور صرف غلبہ اسلام اور نظام مصطفی ﷺ کے قیام سے ممکن ہے۔ لیکن یہ المیہ ہے کہ حکمران طبقہ، پالیسی ساز اور بااختیار مقتدرہ طبقات نے آئین اور قرآن و سنت کی بالادستی سے انحراف کیا جس سے تعلقات، فرقہ واریت، فساد ملک میں پھیل گیا ہے۔ ملی یکجہتی کونسل کے نزدیک تمام مسائل کا حل غلبہ دین اور آئین کے نفاذ سے ممکن ہے۔ ملک میں سوشل میڈیا کا مثبت کی بجائے منفی استعمال خطرناک رجحانات کو جنم دے چکا ہے، معصوم بچوں پر اس کے بھیانک اثرات نمودار ہو رہے ہیں۔ جدید ذرائع ابلاغ کو فرقہ واریت، تکفیریت کے فروغ کے لیے استعمال کرنا کسی صورت قابل قبول نہیں ہونا چاہیے، یہی وجہ ہے کہ معصوم بچوں اور بچیوں کے ساتھ بدسلوکی اور المناک قتل کے سانحات رونما ہو رہے ہیں

بقیہ نمبر 52

کے مقابلوں کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ تعلیم کسی بھی معاشرے کی ترقی، خوشحالی اور روشن مستقبل کی بنیاد ہے، جبکہ علم کے فروغ کے بغیر ترقی یافتہ قوموں کی صف میں شامل ہونا ممکن نہیں۔ ارحہ جاوید اختر نے پرائیویٹ سکولز نیٹ ورک میں شامل تعلیمی اداروں کے امتحانی نتائج اور ان ۔ اداروں کی جملہ ہم نصابی سرگرمیوں کی تعریف کی اور نجی شعبے میں قائم ان تعلیمی اداروں کی حوصلہ افزائی کا حکومت سے مطالبہ کیا

اس سے قبل پرائیویٹ سکولز نیٹ ورک کے صدر مقبول ڈار نے نیٹ ورک کے تحت اسلام آباد میں قائم سینکڑوں تعلیمی اداروں کی مجموعی کارکردگی کا مختصر جائزہ پیش کیا اور ان اداروں کی نصابی و ہم نصابی سرگرمیوں، مسائل مشکلات اور کارکردگی کی رپورٹ پیش کی مقبول ڈار نے اپنے خطاب میں کہا کہ ہم تعلیم، تربیت کے ساتھ ساتھ طلبہ کی کردار سازی پر خصوصی توجہ دیتے ہیں صحت مند معاشرے کے قیام کے لئے طلبا و طالبات مختلف کھیلوں کی جانب راغب کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ ہماری ذمہ داری صرف طلبہ کو نصابی تعلیم فراہم کرنا نہیں بلکہ انہیں ایک ذمہ دار، باشعور اور باکردار شہری بنانا بھی ہے۔ تقریب سے معروف نعت خوان قاری آصف الخیری نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اساتذہ نئی نسل کی ذہنی و اخلاقی تربیت میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں، اس لیے اساتذہ کی عزت، ان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافے اور تعلیمی معیار کی بہتری پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری اور نجی تعلیمی اداروں کے درمیان مؤثر تعاون، جدید تعلیمی تقاضوں سے ہم آہنگ نصاب اور طلبہ کو تحقیق و تخلیقی صلاحیتوں کے مواقع فراہم کر کے تعلیمی نظام کو مزید بہتر بنایا جا سکتا ہے۔ حاجی ندیم نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا اس عزم کا اظہار کیا کہ تعلیمی معیار بہتر بنانے اور نئی نسل کو علم و شعور سے آراستہ کرنے کے لیے پرائیویٹ سکولز نیٹ ورک اپنی کوششیں جاری رکھے گا

بقیہ نمبر 53

اور بلیک میل کرنے کے الزام میں مرکزی ملزم کی گرفتاری سے آگاہ کیا ہے۔ ایڈیشنل ڈائریکٹر این سی سی آئی اے اسلام آباد سرکل محمد شعیب خان نے پریس کانفرنس میں بتایا کہ پہلے کیس میں ایک ایسے مبینہ نیٹ ورک کا سراغ لگایا گیا جس میں ایک باپ پر اپنے چار سے پانچ سالہ بچوں کی نازیبا ویڈیوز بنا کر فروخت کرنے کا الزام ہے۔ ترجمان کے مطابق ٹیلی گرام کے خفیہ گروپس میں کرپٹو کرنسی کے ذریعے اس مواد کی خرید و فروخت کی جاتی تھی۔ تفتیش کے دوران جانوروں سے بدسلوکی پر مبنی مواد بھی سامنے آیا۔ ترجمان کے مطابق نیٹ ورک کے مبینہ سرغنہ کا تعلق سکردو سے ہے جسے بین الاقوامی اداروں کی معاونت سے گرفتار کیا گیا۔ تفتیش کے دوران اسلام آباد ملتان اور جنوبی پنجاب سے اہم شواہد اور روابط سامنے آئے جبکہ نیٹ ورک کے دیگر مبینہ سہولت کاروں کی گرفتاری کے لیے چھاپے بھی مارے گئے۔ دوسرے کیس کی تفصیلات بتاتے ہوئے ترجمان نے کہا کہ کراچی سے تعلق رکھنے والی ایک کمسن بچی مبینہ طور پر مسلسل ہراسانی سے تنگ آ کر خودکشی کی کوشش کر بیٹھی اور اس وقت ہسپتال میں زیر علاج ہے۔ این سی سی آئی اے کی ٹیم نے متاثرہ خاندان کی معاونت سے کارروائی کرتے ہوئے مرکزی ملزم کو اسلام آباد سے گرفتار کر لیا۔ ترجمان کے مطابق ملزم گزشتہ دو سے تین سال سے بچی کو مسلسل ہراساں اور بلیک میل کر رہا تھا جبکہ ایجنسی نے صرف 13 گھنٹے میں ملزم کو ٹریس کر کے گرفتار کیا۔ ایڈیشنل ڈائریکٹر محمد شعیب خان نے کہا کہ متاثرہ خاندانوں کو انصاف کی فراہمی ادارے کی اولین ترجیح ہے اور خواتین و بچوں کو ہراساں کرنے والوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل درآمد جاری ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ غیر قانونی اور نازیبا مواد اپ لوڈ کرنے والے عناصر قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکیں گے۔ انہوں نے شہریوں کو ہدایت کی کہ وہ اپنا ون ٹائم پاس ورڈ (او ٹی پی) بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات اور ذاتی معلومات کسی کے ساتھ شیئر نہ کریں اور جعلی ویب سائٹس پر درج نمبروں سے محتاط رہیں کیونکہ ایسے نمبروں پر رابطہ کرنے سے مالی نقصان کا خدشہ ہے۔ محمد شعیب خان نے کہا کہ سائبر کرائم کا شکار ہونے والے افراد خاموش رہنے کے بجائے فوری شکایت درج کروائیں۔ ترجمان کے مطابق این سی سی آئی اے کی ہیلپ لائن 1799 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے جہاں 24 گھنٹے شکایات کی سہولت دستیاب ہے۔

برلن جرمنی: صدر پاکستان آصف علی زرداری کے دورہ جرمنی کے موقع پر پاکستانی سفارتخانے کے افسران اور سٹاف کے ہمراہ گروپ فوٹو

بارانی زرعی یونیورسٹی کو پی ای سی کی چار سالہ لیول-II ایکریڈیشن حاصل

وائس چانسلر قمر الزمان کی انجینئرنگ فیکلٹی کو ایکریڈیشن حاصل کرنے پر مبارکباد

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) پیر مہر علی شاہ بارانی زرعی یونیورسٹی راولپنڈی نے ایک اہم تعلیمی سنگِ میل عبور کرتے ہوئے پاکستان انجینئرنگ کونسل سے اپنی فیکلٹی آف ایگریکلچرل انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی کے لیے واشنگٹن ایکارڈ فریم ورک کے تحت لیول-II کی چار سالہ ایکریڈیشن حاصل کر لی ہے۔ یہ نمایاں کامیابی معیاری انجینئرنگ تعلیم، بین الاقوامی معیار سے ہم آہنگ تدریسی نظام اور تعلیمی عمدگی کے فروغ کے لیے یونیورسٹی کے مسلسل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

دارارقم اسکول ویسٹریج کیمپس میں سالانہ تقریبِ تقسیمِ انعامات

راولپنڈی (پ ر) دارارقم اسکول ویسٹریج کیمپس میں سالانہ تقریبِ تقسیمِ انعامات: میٹرک کے پوزیشن ہولڈرز طلبہ میں اسکالرشپس اور شاندار تدریسی کارکردگی پر اساتذہ میں شیلڈز کی تقسیم مہمانِ خصوصی چیئرمین دارارقم گروپ آف کالجز ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل تھے، جبکہ میزبانی کے فرائض ڈائریکٹر ملک اظہر محمود اور پرنسپل میڈم نوشابہ ڈاکٹر چوہدری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

نجی سکول کے ڈائریکٹر ملک اظہر محمود اور پرنسپل نوشابہ، ڈاکٹر چوہدری ناصر، ندیم شیراز، ندیم اقبال کا طلبہ کے ہمراہ گروپ فوٹو

LPG بحران ٹل گیا، سپلائی بحال، نرخ میں 70 روپے تک بڑی کمی

گبد ریمدان بارڈر سے 3 سے 4 ہزار ٹن گیس مارکیٹ میں آنیکا امکان، پورٹ قاسم پر بھی ایل پی جی کے جہاز پہنچ گئے

3 ہزار 83 میٹرک ٹن ایل پی جی کا کارگو منتقل کرنے والا ایک اور جہاز بھی روانہ، گیس کی دستیابی بہتر ہونے کی توقع

اسلام آباد (صباح نیوز) ملک بھر میں ایل پی جی کے شدید بحران اور بلند ترین قیمتوں کے بعد گیس کی فراہمی بہتر ہونے اور قیمتوں میں نمایاں کمی کی امید پیدا ہوگئی ہے۔ پاک ایران سرحد پر پھنسے ایل پی جی کے باؤزرز کی کلیئرنس اور پورٹ قاسم پر بحری جہازوں کی آمد سے مارکیٹ میں گیس کی سپلائی بڑھنے کا امکان ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق گبد ریمدان بارڈر پر پھنسے ایل پی جی کے 200 سے زائد باؤزرز کی کلیئرنس سے مارکیٹ میں تقریباً 3 سے 4 ہزار میٹرک ٹن گیس شامل ہوسکتی ہے، جس کے نتیجے میں فی کلو قیمت میں 50 سے 70 روپے تک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

پیر سہیل بخاری پھیپھڑوں کے شدید انفیکشن میں مبتلا

سینئر ایونٹ آرگنائزر کی تمام دوست، احباب سے دعاؤں کی درخواست

اسلام آباد (شہرنامہ رپورٹ) سینئر ترین کلچرل ایونٹ آرگنائزر سید ظفر عباس شاہ المعروف پیر سید سہیل بخاری چیئرمین ایشین ایوارڈز اور سیکرٹری جنرل ایشین کلچرل ایسوسی ایشن آف پاکستان جو کہ گذشتہ 45، سال سے فن وثقافت اور آرٹ کے شعبہ کے علاوہ زندگی کے ہر شعبہ سے وابستہ نمایاں افراد وشخصیات کی بے لوث پذیرائی کر رہے ہیں پچھلے 7، دنوں سے پھیپھڑوں کی شدید انفیکشن میں مبتلا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

پاکستان ہر موقع پر کشمیریوں کیساتھ کھڑا، حفاظت کر رہا ہے، فاروق عبداللہ

کشمیریوں کو متحد ہونا ہوگا، آپ میں بھارتی حکومت کا مقابلہ کرنے، ان کیخلاف ڈٹ کر کھڑے ہونے کی ہمت ہونی چاہیے

اگر آپ نے ایسا نہ کیا تو آپ کا وجود مٹ جائیگا، نام ونشان اور شناخت ختم ہو جائے گی اور کوئی آپ کو یاد تک نہیں رکھے گا

سرینگر (مانیٹرنگ ڈیسک) مقبوضہ کشمیر کے سابق وزیر اعلیٰ اور نیشنل کانفرنس کے سربراہ فاروق عبداللہ نے کہا ہے کہ پاکستان ہر موقع پر کشمیریوں کے ساتھ کھڑا ہے، پاکستان کشمیریوں کی حفاظت کر رہا ہے۔ بھارتی خبر ایجنسی اے این آئی کے مطابق مقبوضہ کشمیر کے علاقے بارہ مولہ میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے فاروق عبداللہ کا کہنا تھا کہ کیا آپ لوگوں کو دہلی حکومت سے یہ امید ہے کہ آپ کو انصاف دے گی؟ ان کا کہنا تھا کہ کشمیریوں کو اپنے حقوق کے لیے متحد ہونا ہوگا، آپ میں بھارتی حکومت کا مقابلہ کرنے اور ان کے خلاف ڈٹ کر کھڑے ہونے کی ہمت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

ایچ آر ایف ایل کا قانونی امداد اور آگاہی کیمپ پروگرام کا آغاز

اقدام کا مقصد عوام میں آگاہی پیدا کرنا اور انصاف تک رسائی بہتر بنانا ہے، رابن داؤد

Human Rights Fellowship Lawyers
HRFL
Legal Aid and Awareness Camp
Know Your Rights Build a Fair Society

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) ایچ آر ایف ایل کی جانب سے راولپنڈی میں عوام کے لیے قانونی امداد اور آگاہی کیمپ پروگرام کا آغاز راولپنڈی میں ہیومن رائٹس فیلوشپ آف لائرز (HRFL) نے اپنے صدر ایڈووکیٹ رابن داؤد کی قیادت میں اپنی ٹیم کے ہمراہ جناح (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

صادق آباد پولیس کی کارروائی شہری کے قتل میں ملوث ملزم گرفتار

ملزم نے ساتھی کے ہمراہ سابقہ رنجش پر شہری کو چھریوں کے وار سے زخمی کیا تھا

راولپنڈی (کرائم رپورٹر): صادق آباد پولیس نے چند روز قبل شہری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

جمعیت اساتذہ کے وفد کی حافظ محمد بشارت سے اہم تعلیمی ملاقات

اساتذہ و تعلیمی اداروں کو درپیش مسائل کے حل کیلئے مثبت پیش رفت قرار

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) جمعیت اساتذہ کے صدر پروفیسر عطا الرحمن، جمعیت علماء اسلام اسلام آباد کے جنرل سیکرٹری مفتی محمد عبداللہ، جمعیت اساتذہ این اے 46 کے صدر مفتی حفیظ الرحمن اور پروفیسر سید محمد عارف کربوغوی نے فیڈرل بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے بورڈ آف گورنرز کے رکن اور چیمبر آف ایجوکیشن کے صدر حافظ محمد بشارت سے ملاقات کی۔ اس موقع پر وفد نے انہیں 7 نومبر 2026ء کو منعقد ہونے والی قومی تعلیمی کانفرنس میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

عراقی فضائی حدود کی خلاف ورزی فرانس، نیدرلینڈز کو لاکھوں ڈالر جرمانہ

واشنگٹن (آئی این پی) امریکا کے محکمہ ٹرانسپورٹیشن نے ایئر فرانس اور نیدرلینڈز کی کے ایل ایم پر عراقی فضائی حدود میں امریکی پابندیوں کی خلاف ورزی پر مجموعی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد، جرائم پیشہ گینگز کیخلاف مؤثر کریک ڈاؤن کا فیصلہ

متحرک گینگز کے خلاف مؤثر اور ٹارگٹڈ کارروائیاں یقینی بنائی جائیں، آئی جی سہیل چوہدری

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) آئی جی اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری کی زیر صدارت انسداد جرائم اور پولیس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

نصرت بھٹو ہمیشہ ہمارے دلوں میں زندہ رہیں گی، شوکت عباسی

شہید کی جدوجہد کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہیں، عمار مہدی بشارت بھٹی

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی تحصیل راولپنڈی کے جنرل سیکرٹری راجہ بلال شیرباز کی میزبانی میں ڈیرہ راجہ شیرباز پر مادرِ جمہوریت محترمہ نصرت بھٹو شہید کے ایصالِ ثواب کے لیے دعائیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں صدر پاکستان پیپلز پارٹی ضلع راولپنڈی راجہ شوکت علی عباسی، جنرل سیکرٹری ضلع راولپنڈی عمار مہدی، تحصیل راولپنڈی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

جنرل سیکرٹری پی پی راولپنڈی بلال شیرباز کی میزبانی میں دعائیہ تقریب میں راجہ شوکت عباسی، عمار مہدی و دیگر شریک ہیں

روٹری انٹرنیشنل کا انسدادِ پولیو کیلئے مہم جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ

آج روٹری اور عالمی شراکت داروں کی کوششوں کے نتیجے میں کیسز میں کمی آچکی

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) عالمی یومِ انسدادِ پولیو کے موقع پر روٹری انٹرنیشنل نے پاکستان میں وائلڈ پولیو وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے اپنی کئی دہائیوں پر محیط معاونت جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ افغانستان سمیت پاکستان دنیا کے ان آخری دو ممالک میں شامل ہے جہاں اب بھی یہ وائرس موجود ہے۔ عالمی یومِ انسدادِ پولیو ہر سال 24 اکتوبر کو منایا جاتا ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

اٹارنی جنرل ملک منصور عثمان اعوان کا سول ہسپتال نوشہرہ کا اچانک دورہ

: نوشہرہ سون سکیسر (نمائندہ خصوصی) اٹارنی جنرل آف پاکستان ملک منصور عثمان اعوان نے سول ہسپتال نوشہرہ کا اچانک دورہ کیا اس دورے کا مقصد ہسپتال میں طبی سہولیات کی فراہمی، جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

اسلام آباد: بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے کارنر میٹنگ

پیپلز یوتھ آرگنائزیشن کے صدر عدنان شاہ اور چوہدری یوسف سمیت دیگر کی شرکت

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے کارنر میٹنگ کا انعقاد کیا گیا، جس میں پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماؤں اور کارکنوں نے شرکت کی۔ میٹنگ کے اختتام پر پیپلز یوتھ آرگنائزیشن (PYO) کے صدر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

اسلام آباد: بلدیاتی الیکشن کے حوالے سے کارنر میٹنگ کے اختتام پر پیپلز یوتھ آرگنائزیشن (PYO) کے صدر سید عدنان شاہ کاظمی، پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما چوہدری یوسف و دیگر کا گروپ فوٹو

گلیوں میں اندھیرا، جرائم پیشہ عناصر بے لگام، وارداتوں میں اضافہ

اڈیالہ (نامہ نگار) گلیوں میں اندھیرا، جرائم پیشہ عناصر بے لگام۔ اسٹریٹ لائٹس کی عدم فراہمی سے چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں میں اضافہ، شہری عدم تحفظ کا شکار تفصیلات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

راولپنڈی، 15 سالہ لڑکے سے بدفعلی کے الزام میں ملزم گرفتار

ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے عدالت میں پیش کیا جائے گا، ایس پی راول

راولپنڈی (کرائم رپورٹر): صادق آباد پولیس نے 15 سالہ لڑکے سے زیادتی کے الزام میں ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان راولپنڈی پولیس کے مطابق مدعی مقدمہ نے درخواست دی کہ ملزم نے اس کے بیٹے سے زیادتی کی ہے جس پر صادق آباد پولیس نے مقدمہ درج کر کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

خیرپور: کار نہر میں گر گئی، معروف ڈھولک نواز عامر دیوان ڈوب گئے

خیرپور (آئی این پی) خیرپور روہڑی کینال میں کار نہر میں گرنے سے معروف ڈھولک نواز عامر دیوان ڈوب گئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق کار ٹائی راڈ ٹوٹنے کے بعد بے قابو ہو کر روہڑی کینال میں جا گری، کار میں 6 افراد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

نیشنل کریکلم کونسل ونگ (NCCW) کے زیرِ اہتمام آگاہی و مشاورتی سیشن کے بعد شرکاء کا گروپ فوٹو

جہانگیرہ، عوامی مسائل حل کیلئے آل پارٹیز گرینڈ کمیٹی قائم

محمد لقمان سرپرستِ اعلیٰ، حاجی طاہر اسلم خٹک صدر، ملک زاہد خان سینئر نائب صدر مقرر

جہانگیرہ (تحصیل رپورٹر) تحصیل جہانگیرہ میں عوامی مسائل کے حل اور مختلف سیاسی جماعتوں کے درمیان رابطے کو مؤثر بنانے کے لیے آل پارٹیز گرینڈ کمیٹی قائم کر دی گئی، جس کے عہدیداران کا اعلان بھی کر دیا گیا اعلان کردہ عہدیداران کے مطابق حاجی محمد لقمان سرپرستِ اعلیٰ، حاجی طاہر اسلم خٹک صدر، ملک زاہد خان۔ سینئر نائب صدر، وصال خٹک اور تیمور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

(NCCW) کے زیرِ اہتمام نئے قومی نصابِ بارے آگاہی و مشاورتی سیشن

نصاب سازی کے جدید تقاضوں اور زبان کو خاص اہمیت دی گئی ہے: ڈاکٹر تبسم ناز

نجی تعلیمی اداروں کی تجاویز کو قومی نصاب کا حصہ بنایا جائے: حافظ محمد بشارت

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) وزارتِ وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت، حکومتِ پاکستان کے نیشنل کریکلم کونسل ونگ (NCCW) کے زیرِ اہتمام نئے قومی نصابِ پاکستان 2026 کے حوالے سے ایک اہم آگاہی و مشاورتی سیشن زکی آڈیٹوریم، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ سیشن کی سربراہی نیشنل کریکلم کونسل ونگ کی سربراہ ڈاکٹر تبسم ناز نے کی۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

جہانگیرہ: ال پارٹی گرینڈ کمیٹی کے نومنتخب عہدیداران میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے

پاکستان اپنی سفارتی کامیابیوں کو معاشی استحکام کیلئے استعمال کرے، سردار مسعود

پاکستان، ترکیہ، قطر اور انڈونیشیا میں دفاعی تعاون مسلم ممالک میں خود انحصاری کے فروغ کی جانب اہم پیش رفت ہے، سابق صدر

اسلام آباد (خبر نگار) امریکہ، چین اور اقوام متحدہ میں پاکستان کے سابق سفیر اور آزاد جموں وکشمیر کے سابق صدر سردار مسعود خان نے کہا ہے کہ پاکستان کی بڑھتی ہوئی سفارتی اہمیت اور دفاعی شراکت داریوں کو پائیدار امن، علاقائی تعاون اور معاشی ترقی کے فروغ کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

راولپنڈی۔ ممتاز راہنما چوہدری سرور کے بھائی کی وفات پر ڈاکٹر محمد حنیف مغل چیئرمین پاکستان تحریک شادباد و عقیل انجم عمران حسین شاہ محمد اسماعیل، ملک زرطاش، شیراز عارف اور دیگر غم کا اظہار کر رہے ہیں

غلام سرور کے بڑے بھائی کی وفات، سوگواران کے غم میں برابر کے شریک ہیں، حنیف مغل

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) ڈاکٹر محمد حنیف مغل چیئرمین پاکستان تحریک شادباد نے کہا ہے کہ ملک کے ممتاز سماجی وفلاحی راہنما چوہدری غلام سرور کے سگے بڑے بھائی چوہدری الطاف کی وفات پر سوگواران کے غم میں برابر کے شریک ہیں جو انسان اس دنیا میں آیا ہے اس نے ایک دن واپس جانا ہے چوہدری الطاف نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

بلند شرح سود، پاکستان کا 49 کروڑ ڈالر قرض لینے سے انکار

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان نے زیادہ شرح سود کے باعث اسلامی ترقیاتی بینک گروپ کے ذیلی ادارے انٹرنیشنل ٹریڈ فنانس کارپوریشن (آئی ٹی ایف سی) کی جانب سے 49 کروڑ ڈالر کے تجارتی قرض کی پیشکش مسترد کر دی ہے۔ وزارت خزانہ کے حکام کے مطابق قرض کی لاگت تقریباً 8 فیصد تھی، جبکہ حکومت کو توقع تھی کہ یہ سہولت تقریباً 6 فیصد شرح سود پر حاصل ہو سکے گی۔ سرکاری ذرائع کے مطابق وزارت خزانہ کے ڈیبٹ مینجمنٹ آفس نے گزشتہ ہفتے یہ فیصلہ کیا۔

پاکستان کی دی بیسٹ انٹرنیشنل ملٹری ڈرون مقابلے میں دوسری پوزیشن، قوم کا سر فخر سے بلند

انٹرنیشنل ملٹری ڈرون مقابلے میں پائلٹس کی مہارت، رفتار اور رکاوٹوں والے ٹریک پر پرواز کی صلاحیت کا جائزہ لیا گیا

میزبان ملک ترکیہ نے پہلی، پاکستان نے دوسری اور اٹلی نے تیسری پوزیشن حاصل کی، جبکہ فرانس چوتھے نمبر پر رہا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ترکیہ میں دی بیسٹ انٹرنیشنل ملٹری ڈرون ٹیم مقابلے میں پاکستان نے شاندار کارکردگی دکھائی جس پر قوم کا سر فخر سے بلند ہوگیا۔ عالمی سطح پر افواج پاکستان کی ملٹری ڈرون ٹیم کی مہارت، درستگی اور مسابقتی برتری نے پورے ملک کو فخر سے سرشار کر دیا۔ ترکیہ کے دارالحکومت انقرہ میں منعقدہ عالمی ملٹری ڈرون ٹیم مقابلے میں شریک 33 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

صوبیدار ذوالفقار عباسی کی شادی میں شریک افراد کا گروپ فوٹو

صوبیدار ذوالفقار عباسی کے صاحبزادے شادی تقریب

اہم شخصیات کی شرکت

کہوٹہ (نمائندہ شہرنامہ) صوبیدار ذوالفقار عباسی آف نڑھ چراس کے صاحبزادے کی شادی کی پُروقار تقریب منعقد ہوئی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

غریب کیلئے دو وقت کی روٹی کا حصول ناممکن ہو چکا: ساجد عباسی

لیگی رہنما کا گندم اور آٹے کی روزافزوں قیمتوں پر گہری تشویش کا اظہار

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) لیبر ونگ کے سینئر نائب صدر راجہ ساجد محمود عباسی نے گندم اور آٹے کی روزافزوں قیمتوں پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ گندم کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافے کے باعث عام اور غریب آدمی کے لیے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

خوشیوں کا جادو: جب اخبار ''واٹر سپلائی لائن'' بن گیا

جناح اقبال ساؤتھ ایشین فورم کے ویلفیئر سکول کے طلبہ خوشی سے جھوم اٹھے

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) سماجی، معاشی اور سیاسی حالات سے باخبر ہونے کے لیے خریدا جانے والا اخبار اگر اچانک واٹر سپلائی لائن بن کر پانی دینے لگ جائے تو حیرانی قدرتی امر ہوگا۔ بظاہر ناممکن دکھائی دینے والا یہ منظر جناح اقبال ساؤتھ ایشین فورم (JISAF) ویلفیئر سکول کے ننھے طلبہ کے لیے حیرت اور مسرت کا ایسا یادگار لمحہ بن گیا جس نے اسکول کے فن گالا کو قہقہوں، حیرت انگیز کرتبوں اور خوشیوں سے بھرپور ایک یادگار تقریب میں بدل دیا۔ جناح اقبال ساؤتھ ایشین فورم کے ویلفیئر ایجوکیشن سکول میں فن گالا کی تقریب فورم کے چیئرمین رانا عبدالباقی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

راولپنڈی میں جناح اقبال ساؤتھ ایشین فورم کے ویلفیئر سکول کے زیراہتمام منعقدہ فن گالا کے دوران ایک جادوگر اخبار کو پانی کی دھار میں بدلنے کا کرتب دکھا رہا ہے

فرض شناس آفیسر عدیل کے انسپکٹر کے عہدے پر ترقی، مبارکبادوں دینے والوں کا تانتا بندھ گیا

راولپنڈی (پ ر) صوبہ پنجاب کے فرض شناس اور دلیر بیٹے پولیس آفیسر عدیل کو انسپکٹر کے عہدے پر ترقی حاصل کرنے پر ان کے ملک بھر میں موجود مختلف شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے حلقہ احباب نے ان کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ کے ڈاکٹر شاہد امین، صدر آل پاکستان جمعیت القریش میٹ ویلفیئر ایسوسی ایشن و ممبر لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ خورشید احمد قریشی کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد پیش کر رہے ہیں

آصف کرمانی کی پیر علی رضا کی رہائشگاہ آمد، فاتحہ خوانی

اسلام آباد (خبر نگار) سینئر مسلم لیگی سیاست دان اور سابق سینیٹر ڈاکٹر سید آصف کرمانی کی سابق ممبر اسمبلی و سجادہ نشین درگاہِ بساہاں شریف، پیر علی رضا بخاری کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

ریلائنڈ اسکول پیر مہر علی شاہ ٹاؤن کیمپس میں پولیو آگاہی سیشن

والدین بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلوائیں، عرفان مظفر کیانی

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) ریلائنڈ سکول پیر مہر علی شاہ ٹاؤن کیمپس میں 2 سے 5 نومبر تک جاری رہنے والی پولیو مہم کے حوالے سے آگاہی سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ سیشن میں صدر آل پاکستان پرائیویٹ اسکولز اینڈ کالجز راولپنڈی عرفان مظفر کیانی نے خصوصی شرکت کی اور خطاب کیا۔ عرفان مظفر کیانی نے کہا کہ پولیو سے پاک پاکستان ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ والدین اپنے بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے لازمی پلوائیں اور پولیو ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں۔ انہوں نے کہا کہ صحت مند بچے ہی مضبوط، تعلیم یافتہ اور روشن مستقبل کے ضامن ہیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

پاکستان دنیا میں ہونیوالی جنگوں کے خاتمے کیلئے کوشاں ہے، نیلسن عظیم

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ ملکی معیشت میں مشکلات پیدا کر رہی ہے

اسلام آباد (نمائندہ۔ شہرنامہ) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری و پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی نائب صدر ڈاکٹر نیلسن عظیم نے کہا ہے کہ موجودہ عالمی حالات میں پاکستان دنیا میں امن قائم کرنے اور عالمی سطح پر جنگوں کے خاتمے کے لیے عملی طور پر کوشاں ہے، پاکستان مشکل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

راولپنڈی، وفاقی پارلیمانی سیکرٹری نیلسن عظیم انٹرنیشنل کانفرنس میں غیر ملکی مقررین سے گفتگو کر رہے ہیں

SHEHAR NAMA Islamabad
شہرنامہ اسلام آباد
شکایات سیل

- ★ آپ کہیں کرپشن دیکھتے ہیں اسے ختم کرنا چاہتے ہیں
- ★ آپ بے گناہ ہیں اور آپ کو کسی جھوٹے مقدمے میں ملوث کیا جارہا ہے۔
- ★ آپ کا کوئی جائز مسئلہ ہے لیکن اس کے لیے کوئی رشوت مانگتا ہے
- ★ آپ کا حق تلف کیا گیا
- ★ آپ کو کہیں خواہ مخواہ بلیک میل کیا جارہا ہے
- ★ آپ کیساتھ کسی قسم کی زیادتی کی گئی ہے اور اسکا ازالہ چاہتے ہیں
- ★ آپ آگر قبضہ گروپ کی چیرہ دستی کا شکار ہیں
- ★ آپ کی رقم دھوکہ دہی سے لوٹ لی گئی ہے
- ★ آپ کسی سرکاری ادارے یا اہلکار کے ناجائز دباؤ کا شکار ہیں
- ★ یا آپ کے ساتھ آپ کی نظر میں کوئی پریشان کن یا نقصان دہ مسئلہ موجود ہے۔

تو ہم سے رابطہ کریں۔

سکندر اعظم
انچارج انویسٹی گیشن اینڈ شکایات
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Email:sheharnama@gmail.com
0333-5196088 051-2240356

ایک مکمل ادارہ جو دوسری نسل سے خدمات دے رہا ہے
SPS
شہکی پرنٹرز
جنرل آرڈر سپلائر
شادی کارڈ
ارجنٹ اینڈ ہول سیل
پینافلیکس ڈیجیٹل
اوریجنل انک دیرپا پرنٹس
ایوارڈ شیلڈز، کی چین، پن پرنٹنگ، شرٹس پرنٹنگ، بیج اینڈ لوگو میکر، گرافکس ڈیزائننگ
وزٹنگ کارڈ، لیٹر پیڈ، سائن بورڈ، ٹائی، فائل، بل بکس، سکول کاپی، پارٹی پرچم، اشتہارات، بروشرز، سکول ڈائری، سٹیکر
ہیڈ آفس عبداللہ مارکیٹ سرکلر روڈ راولپنڈی سب آفس ترامڑی چوک اسلام آباد
0333-5108083
0315-5108083

Safwan
Marquee & Event Lawn
سفوان
مارکی اینڈ ایونٹ لان
کی خدمات آپ کے لیے ہمہ وقت حاضر ہیں
آپکے دلوں کی دھڑکن آپکی خدمت میں پیش پیش
- کارپوریٹ
- کانفرنس/سیمینار
- فیشن شو/گالا ایونٹس
- میرج ایونٹ
- سالگرہ پارٹی
- میوزیکل پروگرام
- مہندی فنکشن
اسپیشل بکنگ آفر
مناسب پیکج پر بکنگ جاری ہے
ایڈوانس بکنگ جاری ہے
پارک روڈ بالمقابل ہاسٹل سٹی نزل کنگ حماد یونیورسٹی اسلام آباد
فون نمبر: 03320491234 , 03310491234 , 051-2321105-7